www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ

پاکستان بلیٹن

کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات، 12 مارچ 2026ء بمطابق 22 رمضان 1447ھ | شمارہ 228 | قیمت 10 روپے

وزیراعظم

خطے میں امن کیلئے سفارتی کوششیں ناگزیر ہیں

خطے کے دیگر ممالک کیساتھ تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں، ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی وزیراعظم شہباز شریف سے گفتگو

پاکستان ایران کیساتھ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے، دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے

عالمی برادری جنگ کے ذمہ داروں پر توجہ نہیں دیتی تو عالمی نظام اور سیکیورٹی کو سنگین خطرات ہو سکتے ہیں، مسعود پزشکیان

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کا خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ کسی تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے وزیراعظم شہباز شریف سے گفتگو کی ہے۔ دوران گفتگو مسعود پزشکیان نے کہا کہ عالمی برادری جنگ کے ذمہ داروں پر توجہ نہیں دیتی تو عالمی نظام اور سیکیورٹی کو سنگین خطرات ہو سکتے ہیں۔ ایرانی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کا خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ کسی تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ وزیراعظم نے گفتگو کے دوران خطے میں حالیہ کشیدہ صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششوں اور مذاکرات کو ناگزیر سمجھتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

ایران کے امریکی فوجی اڈوں پر حملے، 100 فوجیوں کو زخمی کرنیکا دعویٰ

اقتصادی اور بینکنگ مراکز کو بھی نشانہ بنانے کا اعلان

بحرین میں امریکی فوج کی میزبانی کرنے والے ایک بحری اڈے کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا گیا، آبنائے ہرمز اور خلیج عمان میں 3 بحری جہازوں پر حملہ کیا گیا، ایرانی پاسداران انقلاب فورس کا جاری بیان

ایران اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور دفاع کیلئے پوری طرح تیار ہے، امریکا کو عالمی امن اور سلامتی کو خطرے میں ڈالنے پر جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے، ایران خطے کے عرب ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، اسماعیل بقائی

تہران (ویب ڈیسک)ایران کی پاسداران انقلاب فورس نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے خلیج میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا ہے، حملے میں 100 امریکی فوجی زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق ایران کا کہنا ہے کہ اس نے کویت میں امریکی فوجی تنصیبات پر حملے کیے، جن میں العدیری ہیلی کاپٹر بیس، محمد الاحمد نیول بیس اور علی السالم ایئربیس شامل ہیں۔ پاسداران انقلاب کا ایک بیان میں کہنا ہے کہ اس حملے میں کم از کم 100 امریکی فوجی زخمی ہوئے اور انہیں کویت کے اسپتالوں میں منتقل کردیا گیا۔ بیان میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا کہ بحرین میں امریکی فوج کی میزبانی کرنے والے ایک بحری اڈے کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی ذرائع کے مطابق اب تک 37 لہروں میں میزائل اور ڈرون حملے کیے جا چکے ہیں، یہ حملے اسرائیل اور مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی فوجی اڈوں پر کیے گئے۔ جبکہ ایران کا امریکا، اسرائیل سے منسلک اقتصادی اور بینکنگ مراکز کو نشانہ بنانے کا اعلان کر دیا۔ ترجمان خاتم الانبیا فوجی کمانڈ ہیڈکوارٹر ابراہیم ذوالفقاری نے اپنے بیان میں کہا کہ تہران میں بینک سپہ کا انتظامی دفتر اسرائیل امریکی حملے میں متاثر ہوا۔ ابراہیم ذوالفقاری کا کہنا تھا کہ یہ بینک ملک کے بڑے عوامی بینکوں میں سے ایک ہے، بینک سپہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

برطانوی ہائی کمشنر کی وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات

فریقین کا دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مربوط کرنے کی خواہش کا اظہار

دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی۔ وزارت دفاع کے ترجمان مطابق فریقین کا دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مربوط کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، ملاقات میں علاقائی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

کراچی: شہری طارق روڈ پر عید کی تیاریوں کے سلسلے میں شاپنگ کر رہے ہیں

اپوزیشن جماعتوں کا اجلاس، اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کی تجویز

اپوزیشن اجلاس میں تمام ارکان کو رائے کا موقع دیا جا رہا ہے، اپوزیشن ارکان کی رائے کو دیکھتے ہوئے مشترکہ فیصلے کیے جائینگے

اجلاس میں بانی پی ٹی آئی کی صحت اور ایران کی صورتحال پر مشاورت کی گئی، لطیف کھوسہ نے ایران کی کھل کر حمایت کرنے کا کہا

ہمارے پاس پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھی جس میں ہم اپنی حیثیت اور طاقت منوا سکتے تھے، اسمبلیوں سے بھی استعفے دے دیتے ہیں، شیر علی

موجودہ حکمران ٹرمپ کو نوبل انعام دے رہے تھے، ایوان میں قرارداد پیش کر کے اسرائیل کی مخالفت کی جائے، لطیف کھوسہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں اسمبلیوں سے استعفیٰ کی تجویز سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں لطیف کھوسہ نے ایران کی کھل کر حمایت کرنے کا کہا، لطیف کھوسہ نے کہا کہ موجودہ حکمران ٹرمپ کو نوبل انعام دے رہے تھے، لطیف کھوسہ نے ایوان میں قرارداد پیش کرنے اور ایوان کی اسرائیل کی مخالفت کی کا کہا۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی شیر علی ارباب نے قانون سازی کے طریقہ کار پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ شیر علی ارباب نے کہا کمیٹیوں سے نکل کر کچھ نہ ملا اور ہم اپنا موقف بھی نہیں پیش کر سکتے، کمیٹیوں سے استعفیٰ کے بجائے ایوان سے ہی استعفے دے دیں۔ شیر علی ارباب نے کہا کہ ہمارے پاس پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھی جس میں ہم اپنی حیثیت اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

نواز شریف اور مریم سے تاشقند کے گورنر کی وفد سمیت ملاقات

تاشقند کے گورنر زویئر مرزا ایوف نے پرجوش خیر مقدم کرنے پر اظہار تشکر کیا

وزیراعلی مریم نواز شریف نے دورہ ازبکستان کی دعوت شکریہ کے ساتھ قبول کرلی

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف سے ازبکستان کے صوبے تاشقند کے گورنر زوئیر مرزا ایوف نے 7 رکنی وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ نواز شریف اور وزیراعلی مریم نواز شریف نے تاشقند کے گورنر زوئیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسوقت سب سے اہم عمران خان کی صحت ہے، اعتزاز احسن

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما اعتزاز احسن کا کہنا ہے اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر سے ملاقات ہوگئی اور انہوں نے بہت سی باتوں پر .... بقیہ صفحہ 3 نمبر45

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ہاکی ٹیم کے کھلاڑی ملاقات کر رہے ہیں

ایک سال کے بعد بھی کیس نہیں لگا، بانی کو ضمانت ملنی چاہیے تھی، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد(ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا، کسی نے ٹرائل کو کہا ہو کہ آپ اونرشپ لیں۔ اسلام ....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

پاکستان ہر وقت سعودی عرب کیساتھ کھڑا ہے، ترجمان وزیراعظم

ضرورت پڑی تو سعودی عرب کی ہر حال میں مدد کریں گے، مشرف زیدی

اسلام آباد(ویب ڈیسک) وزیراعظم کے ترجمان برائے غیرملکی میڈیا مشرف زیدی نے کہا ہے کہ پاکستان ہر وقت اور ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، ضرورت پڑی تو سعودی عرب کی ہر حال میں مدد کریں گے۔ بین الاقوامی جریدے سے گفتگو میں ترجمان وزیراعظم مشرف زیدی کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی سوال ہی نہیں، ہم ہر وقت اور ہر صورت سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان سیکیورٹی تعاون کوئی نئی بات نہیں، دونوں ممالک ....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

جب چاہوں گا جنگ ختم ہو جائیگی، ٹرمپ

جنگ بہت حد تک اپنے اہداف تک پہنچ چکی ہے، چھ ہفتوں کے اصل منصوبے کے مقابلے میں بھی زیادہ نقصان پہنچایا جا چکا

ایران میں نشانہ بنانے کیلئے اب کچھ نہیں بچا، ایران نے خلیجی ریاستوں کو بھی نشانہ بنایا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

امریکی فوج نے توقع سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور کارروائی منصوبے سے بھی آگے بڑھ رہی ہے، امریکی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران میں نشانہ بنانے کیلئے اب کچھ نہیں بچا، جب چاہوں گا ایران جنگ ختم ہو جائے گی۔ امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران کے ساتھ جنگ جلد ختم ہو جائے گی، جنگ بہت حد تک اپنے اہداف تک پہنچ چکی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران نے خلیجی ریاستوں کو بھی نشانہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

گورنر سندھ کی وزیراعظم کے فیصلوں کی تائید، تین ماہ کی تنخواہ دینے کا اعلان

اس وقت 50 ہزار بچے گورنر ہاؤس میں جدید آئی ٹی کورسز بالکل مفت حاصل کر رہے ہیں، خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ وہ وزیراعظم کے فیصلے کی مکمل تائید کرتے ہیں اور اپنی تین ماہ کی تنخواہ دینے کے لیے بھی تیار ہیں۔ وزیراعظم کے بروقت فیصلے قابل تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں رمضان المبارک کے تحت منعقدہ ''امید رمضان'' کی 20 ویں افطار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی جرمنی کی نائب قونصل جنرل مس انجا کلوس تھیں۔ اس موقع پر ایم کیو ایم پاکستان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس: سہیل آفریدی اور دیگر نامزد

پنجاب فرانزک لیب اور نادرا رپورٹ کی بنیاد پر ملزمان کو نامزد کیا، تفتیشی افسر

پشاور(ویب ڈیسک) 9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو نامزد کردیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق پشاور انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس کی سماعت ہوئی، تفتیشی افسر نے عدالت میں 9 مئی ریڈیو حملہ کیس کا چالان جمع کرا دیا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں نامزد کردیا گیا، سابق صوبائی وزیر تیمور سلیم جھگڑا، عرفان سلیم اور عاطف چکنی بھی نامزد کر دیے گئے۔ تفتیشی افسر نے کہا کہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی مجموعی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا

باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے پاکستان میں برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی مجموعی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار سینٹرل پولیس آفس کراچی کے دورے کے موقع پر سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ

حق اور سچ کی راہ پر ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے

خطے میں کشیدہ اور جنگی صورتحال کے پیش نظر سیکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے، سید مراد علی شاہ

امام علی کی تعلیمات عدل، شجاعت اور انسانیت کی اعلیٰ مثال ہیں، یوم علی حق اور سچ پر ڈٹے رہنے کا درس دیتا ہے، وزیراعلیٰ سندھ کا جاری بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا یوم شہادت حضرت امام علی ابن ابی طالب کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہنا ہے کہ حضرت علی کی تعلیمات عدل، شجاعت اور انسانیت کی اعلیٰ مثال ہیں اور پوری امت مسلمہ کے لیے رہنمائی کا روشن مینار ہیں۔ وزیراعلیٰ ہاؤس سے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ حضرت علی نے ہمیشہ حق، انصاف اور مظلوم کی حمایت کا درس دیا اور ان کی سیرت سے ہمیں سماج میں انصاف، برداشت اور اتحاد کو فروغ دینے کی ترغیب ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم علی ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ حق اور سچ کی راہ پر ڈٹے رہنا ہی اصل کامیابی ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ امام علی کی زندگی امت مسلمہ کے لیے علم، تقویٰ اور اتحاد کا روشن مینار ہے اور آج کے دن ہمیں ان کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

آپریشن غضب للحق 641 خوارج ہلاک، 243 چیک پوسٹیں تباہ

سیکیورٹی فورسز کا فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن غضب للحق بھرپور طریقے سے جاری ہے اور اس دوران اہم کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں، جاری بیان

افغانستان میں 65 مختلف مقامات پر فضائی کارروائیوں کے ذریعے دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور اہداف کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز کا فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن غضب للحق بھرپور طریقے سے جاری ہے اور اس دوران اہم کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ کارروائیوں کے دوران افغان طالبان رجیم کے 641 کارندے ہلاک جبکہ 855 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کے نتیجے میں افغان طالبان کی 243 چیک پوسٹیں تباہ کر دی گئیں جبکہ 42 چیک پوسٹوں پر قبضہ کر کے انہیں بھی ختم کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران افغان طالبان رجیم کے 219 ٹینک اور مسلح گاڑیاں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

مجتبیٰ خامنہ ای محفوظ اور خیریت سے ہیں، یوسف پزشکیان

تہران (ویب ڈیسک) ایران کے نئے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے زخمی ہونے کی خبریں سامنے آئی ہیں تاہم قریبی ذرائع کے مطابق وہ محفوظ اور خیریت سے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی صدر کے بیٹے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، 6 نام جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (ویب ڈیسک) اڈیالہ جیل میں آج بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن ہے۔ پی ٹی آئی کوآرڈینیٹر سلمان اکرم راجہ نے 6 ناموں کی فہرست جیل حکام کو بھجوادی، فہرست ....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کا میئر کراچی کے ہمراہ گروپ فوٹو

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ
ABC Certified
پاکستان بلیٹن
کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
مینیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

صدر ٹرمپ کا ایران سے غیر مشروط سرنڈر کا مطالبہ

ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ کچھ ممالک نے ثالثی کی کوششیں شروع کردی ہیں۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ خطے میں پائیدار امن کے خواہاں ہیں، تاہم اپنی قومی خودمختاری اور وقار کے دفاع میں کسی ہچکچاہٹ کا شکار نہیں ہوں گے۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم سب سے پہلے ایران کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ ایران کے غیر مشروط ہتھیار ڈالنے کے سوا کوئی معاہدہ نہیں ہوگا۔ امریکی صدر نے دعوی کیا کہ ایران نے معاہدے کے لیے رابطہ کیا، لیکن ہم نے کہا کہ اب بہت دیر ہوچکی ہے۔ ادھر پاکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ ہوا ہے۔

اس جنگ کے جاری رہنے سے نہ صرف انسانی جانوں کا نقصان ہو رہا ہے بلکہ دنیا کی معیشتیں بھی بری طرح متاثر ہورہی ہیں۔ اشیائے ضروریہ کی قلت، مہنگائی اور غربت و افلاس جیسے انسانی المیے جنم لے سکتے ہیں۔ اس جنگ کے باعث امریکی معیشت کو صرف ایک ہفتے میں اربوں ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے اور عالمی معیشت پر اس کے منفی اثرات نمایاں ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل متاثر ہونے سے ان کی قیمتوں میں اضافہ فطری امر ہے جس کے اثرات سامنے آنے لگے ہیں۔ قطر نے خبردار کیا ہے کہ جنگ عالمی معیشت کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے اور تیل کی قیمت 150 ڈالر فی بیرل تک پہنچ سکتی ہے۔ اگر حالات یہی رہے تو ایک ہفتے کے اندر توانائی برآمد کرنے والے کئی ممالک اپنی پیداوار روکنے پر مجبور ہوسکتے ہیں۔

آبنائے ہرمز کی بندش برقرار رہتی ہے تو خوردنی اشیا کی سپلائی بھی متاثر ہونا شروع ہو جائے گی تو کئی ممالک قحط جیسے حالات کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ ایران پر اسرائیل امریکہ نے جنگ مسلط کی ہے اور اسے مجبوری کے تحت اپنا دفاع کرنا پڑ رہا ہے۔ دفاعی اقدامات کے طور پر ایران کی جانب سے اسرائیل اور خطے میں جہاں جہاں امریکی مفادات موجود ہیں وہاں حملے کیے جا رہے ہیں۔ امریکہ اسرائیل کے تحفظ کے لیے اپنی فضائیہ اور بحری بیڑے تک استعمال کر رہا ہے، لیکن جن ممالک نے امریکہ کو اپنی سرزمین یا فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دی ہے، ان کے تحفظ کے حوالے سے کوئی واضح یقین دہانی نہیں کرائی جا رہی۔ اب بھی امریکہ ایران کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار نہیں۔ صدر ٹرمپ کی جانب سے ایران سے غیر مشروط ہتھیار ڈالنے کا مطالبہ انتہائی سخت اور انتہاپسندانہ ہے۔ اقوام متحدہ ایک مرتبہ پھر بے بسی کی تصویر بنی نظر آ رہی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل گوتریس کے مطابق اس وقت دنیا میں جوہری ہتھیاروں کے استعمال کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ ایسے میں عالمی اداروں کا کام صرف معلومات فراہم کرنا نہیں بلکہ اس خطرے کو ٹالنے کے لیے موثر اقدامات کرنا بھی ہے۔

اسی دوران انڈونیشیا نے ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان تنازعہ میں ثالثی کی پیش کش کی ہے، جبکہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات نے اس اقدام کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ایران نے عندیہ دیا ہے کہ وہ کسی بھی سنجیدہ ثالثی کو قبول کرنے کے لیے تیار ہے، تاہم امریکہ کی جانب سے سخت موقف اختیار کیا جا رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عالمی طاقتیں امریکہ کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے کردار ادا کریں۔ عالمی قیادت اور نمائندہ بین الاقوامی اداروں کو جنگ رکوانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے تاکہ خطہ اور دنیا ایک بڑے انسانی اور معاشی بحران سے بچ سکے۔

دنیا کے دو خطرناک تصورات: گریٹر اسرائیل اور اکھنڈ بھارت

سردار عبدالخالق وصی

دنیا اس وقت ایک نہایت حساس اور نازک مرحلے سے گزر رہی ہے۔ عالمی امن کو لاحق خطرات صرف جدید ہتھیاروں، میزائلوں یا ایٹمی قوت تک محدود نہیں رہے بلکہ اس سے کہیں زیادہ خطرناک وہ نظریاتی تصورات ہیں جو تاریخ، مذہب یا قوم پرستی کے نام پر جغرافیائی توسیع کے خواب دیکھتے ہیں۔ ایسے نظریات نہ صرف عالمی قوانین کو چیلنج کرتے ہیں بلکہ ریاستی خودمختاری، سرحدوں کے احترام اور اقوام کے درمیان باہمی اعتماد کو بھی کمزور کرتے ہیں۔ موجودہ عالمی منظرنامے میں دو ایسے تصورات خاص طور پر نمایاں ہو کر سامنے آئے ہیں جو اپنے اپنے خطوں کے امن کو براہ راست متاثر کر رہے ہیں۔ ایک اسرائیل میں پروان چڑھنے والا گریٹر اسرائیل کا تصور ہے اور دوسرا بھارت میں ابھرنے والا اکھنڈ بھارت کا نظریہ۔ یہ دونوں تصورات دراصل جغرافیائی توسیع اور سیاسی بالادستی کے خواب ہیں جو نہ صرف علاقائی بلکہ عالمی امن کے لیے بھی سنگین خطرہ بن سکتے ہیں۔

گریٹر اسرائیل کا تصور بنیادی طور پر بائبل کی بعض تشریحات سے اخذ کیا گیا ہے۔ اس نظریے کے مطابق مبینہ "وعدہ شدہ سرزمین" "دریائے نیل سے لے کر دریائے فرات تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس تصور کے حامیوں کے نزدیک موجودہ اسرائیل کے علاوہ فلسطین، اردن، لبنان، شام، عراق کے بڑے حصے اور مصر کے بعض علاقے بھی اس تاریخی سرزمین کا حصہ تصور کیے جاتے ہیں۔ اگرچہ اسرائیلی ریاست سرکاری سطح پر اس نظریے کو اپنی واضح پالیسی کے طور پر پیش نہیں کرتی، لیکن اسرائیلی سیاست کے اندر موجود انتہاپسند اور مذہبی قوم پرست حلقے اس تصور کو زندہ رکھنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔

گزشتہ چند دہائیوں میں اسرائیلی سیاست میں مذہبی قوم پرستی کے بڑھتے ہوئے اثرات نے اس نظریے کو مزید تقویت دی ہے۔ خاص طور پر وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کے دورِ حکومت میں اسرائیل کی پالیسیوں میں جارحانہ رجحان زیادہ واضح ہو کر سامنے آیا ہے۔ فلسطینی علاقوں میں مسلسل نئی یہودی بستیوں کی تعمیر، غزہ پر تباہ کن فوجی کارروائیاں، لبنان اور شام کی سرحدوں پر کشیدگی اور خطے میں طاقت کے توازن کو تبدیل کرنے کی کوششیں اسی ذہنیت کی عکاسی کرتی ہیں۔ نیتن یاہو کی قیادت میں اسرائیلی سیاست میں مذہبی جذبات اور عسکری طاقت کا ایک ایسا امتزاج دکھائی دیتا ہے جو اسرائیل کو محض ایک ریاست کے بجائے ایک مذہبی و تاریخی مشن کے طور پر پیش کرتا ہے۔ یہی سوچ مشرق وسطیٰ میں مسلسل کشیدگی اور عدم استحکام کا باعث بن رہی ہے۔

حالیہ برسوں میں ایران کے خلاف بڑھتی ہوئی کشیدگی اور خطے میں جنگی ماحول بھی اسی وسیع تر تناظر کا حصہ محسوس ہوتا ہے۔ ایران پر دباؤ بڑھانے اور اس کے خلاف عسکری کارروائیوں کی باتیں دراصل مشرق وسطیٰ میں طاقت کے توازن کو یکسر تبدیل کرنے کی کوششوں کی علامت ہیں۔ اگر یہ رجحان اسی طرح جاری رہا تو پورا خطہ ایک طویل اور تباہ کن جنگ کی لپیٹ میں آ سکتا ہے جس کے اثرات صرف مشرق وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا کو اپنی گرفت میں لے سکتے ہیں۔

دوسری جانب جنوبی ایشیا میں اکھنڈ بھارت کا نظریہ بھی اسی نوعیت کا ایک توسیع پسندانہ تصور ہے۔ اس نظریے کے مطابق برصغیر کی تقسیم ایک تاریخی غلطی تھی اور پاکستان، بنگلہ دیش، افغانستان، نیپال، بھوٹان اور سری لنکا سمیت پورا خطہ دوبارہ ایک متحد ہندوستان کا حصہ ہونا چاہیے۔ یہ تصور بنیادی طور پر ہندو قوم پرست تنظیموں اور نظریاتی حلقوں میں فروغ پاتا رہا ہے، لیکن گزشتہ چند برسوں میں اسے سیاسی سطح پر بھی غیر معمولی تقویت حاصل ہوئی ہے۔

بھارت کے موجودہ وزیر اعظم نریندرا مودی کے دور میں ہندو قوم پرستی کو جس انداز میں ریاستی پالیسی کا حصہ بنایا گیا ہے اس نے اس نظریے کو مزید نمایاں کر دیا ہے۔ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کا خاتمہ، ہمسایہ ممالک کے خلاف جارحانہ سفارتی اور عسکری رویہ، اور جنوبی ایشیا میں بھارت کی بالادستی قائم کرنے کی کوششیں اسی سوچ کی جھلک پیش کرتی ہیں۔ بھارتی میڈیا اور بعض انتہاپسند حلقوں میں اکھنڈ بھارت کے نقشے کھلے عام نشر کیے جاتے ہیں جن میں پاکستان اور بنگلہ دیش کو بھی بھارت کا حصہ دکھایا جاتا ہے۔ یہ طرزِ فکر نہ صرف خطے کے امن کے لیے خطرہ ہے بلکہ بین الاقوامی قوانین اور ریاستی خودمختاری کے اصولوں کے بھی منافی ہے۔

گریٹر اسرائیل اور اکھنڈ بھارت کے نظریات میں حیرت انگیز مماثلت پائی جاتی ہے۔ دونوں نظریات تاریخی یا مذہبی دعوؤں کی بنیاد پر موجودہ جغرافیائی سرحدوں کو غیر فطری قرار دیتے ہیں۔ دونوں اپنے ہمسایہ ممالک کو شک اور دشمنی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ دونوں اپنے عسکری اور سیاسی غلبے کو خطے کے استحکام کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہیں۔ درحقیقت یہ وہی ذہنیت ہے جس نے ماضی میں دنیا کو تباہ کن جنگوں کی طرف دھکیلا تھا۔ یورپ میں نازی جرمنی کے توسیع پسندانہ نظریے نے بھی ابتدا میں اسی طرح کے دعوؤں کے ساتھ جنم لیا تھا، لیکن بالآخر اس نے پوری دنیا کو دوسری عالمی جنگ کی آگ میں جھونک دیا۔

ان دونوں نظریات میں پاکستان کو بھی براہ راست یا بالواسطہ طور پر ہدف بنایا جاتا ہے۔ اکھنڈ بھارت کے تصور میں پاکستان کو ایک عارضی ریاست قرار دے کر اسے مستقبل کے متحد ہندوستان کا حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی تجزیاتی حلقوں میں پاکستان کی جوہری صلاحیت کو اکثر تشویش کا باعث قرار دیا جاتا ہے اور بعض حلقے اسے مستقبل کے ممکنہ خطرے کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

تاہم پاکستان کا موقف نہایت واضح اور اصولی ہے۔ پاکستان کسی بھی ملک کے خلاف جارحیت یا توسیع پسندی کا قائل نہیں۔ پاکستان کی جوہری صلاحیت خالصتاً دفاعی نوعیت کی ہے اور اس کا بنیادی مقصد خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنا ہے۔ پاکستان کی جوہری پالیسی "کریڈیبل منیمم ڈیٹرنس" کے اصول پر قائم ہے جس کا مقصد کسی بھی ممکنہ جارحیت کو روکنا اور خطے میں امن کو برقرار رکھنا ہے۔

پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت متعدد مواقع پر اس موقف کو واضح کر چکی ہے۔ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کو عملی شکل دینے والے قومی قائد اور تین بار کے سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف، موجودہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف، وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر یہ واضح کر چکے ہیں کہ پاکستان کی ایٹمی قوت جنگ کے لیے نہیں بلکہ امن کے تحفظ کے لیے ہے۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیت صرف ایٹمی قوت تک محدود نہیں بلکہ اس کی مسلح افواج روایتی جنگی صلاحیتوں میں بھی بھرپور استعداد رکھتی ہیں۔ گزشتہ برس بھارتی جارحیت کے جواب میں پاکستان کی عسکری تیاری اور قومی اتحاد نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان کسی بھی مہم جوئی کا مؤثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی اس کی خودمختاری کو چیلنج کیا گیا، پاکستانی قوم اور افواج نے متحد ہو کر اس کا جواب دیا۔ پاکستان امن کا خواہاں ضرور ہے لیکن امن کو کمزوری سمجھنے والوں کو یہ حقیقت یاد رکھنی چاہیے کہ یہ قوم اپنے دفاع کے لیے ہر قربانی دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

آج عالمی برادری کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان توسیع پسندانہ نظریات کی حوصلہ شکنی کرے۔ عالمی امن اس وقت تک ممکن نہیں ہوسکتا جب تک طاقتور ممالک تاریخی یا مذہبی دعوؤں کی بنیاد پر نئی سرحدیں بنانے کی کوشش کرتے رہیں۔ مسئلہ فلسطین کا منصفانہ حل، کشمیر سمیت جنوبی ایشیا کے تنازعات کا پرامن تصفیہ اور بین الاقوامی قوانین کا احترام ہی دنیا کو ایک نئے بحران سے بچا سکتا ہے۔

اگر عالمی طاقتیں انصاف اور اصولوں پر قائم رہیں تو گریٹر اسرائیل اور اکھنڈ بھارت جیسے تصورات محض سیاسی نعروں تک محدود رہ جائیں گے۔ لیکن اگر انہیں نظر انداز کیا گیا تو یہ نظریات نہ صرف مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے ایک سنگین خطرہ بن سکتے ہیں۔

تاریخ کا سبق بالکل واضح ہے: توسیع پسندی ہمیشہ جنگ کو جنم دیتی ہے جبکہ انصاف، احترام اور باہمی تعاون ہی پائیدار امن کی حقیقی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ دنیا کو اگر ایک محفوظ اور مستحکم مستقبل کی طرف بڑھنا ہے تو اسے طاقت کی سیاست کے بجائے انصاف اور عالمی قوانین کے احترام کو اپنی بنیاد بنانا ہوگا۔

رمضان المبارک کی بابرکت گھڑیاں

پروفیسر سیف اللہ قصوری

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اپنی رحمتوں اور برکتوں کے ساتھ جانبِ منزل رواں دواں ہے۔ دن ڈھل رہے ہیں اور لمحات تیزی سے بیتے جا رہے ہیں۔ یہ وہ گھڑیاں ہیں جو حسرت اور امید کا ایک عجیب امتزاج پیش کرتی ہیں؛ حسرت اس بات کی کہ رحمتوں کا یہ قافلہ رختِ سفر باندھ رہا ہے، اور امید اس بات کی کہ شاید انہی آخری ساعتوں میں ہماری مغفرت کا پروانہ لکھ دیا جائے۔ دانش مندی کا تقاضا یہ ہے کہ گزرتے ہوئے ان ایام کو ایک غنیمت سمجھ کر سمیٹا جائے۔ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو اس سے فائدہ اٹھا کر اللہ کی خوشنودی حاصل کرلیں گے۔

یاد رکھیے، اللہ کی رحمت کسی خاص دن یا گھڑی کی محتاج نہیں، لیکن رمضان کے یہ آخری ایام قبولیت کی وہ خاص رعایت (Discount) ہیں جو ہر کسی کو میسر نہیں۔ اب بھی وقت ہے کہ ہم اپنے بکھرے ہوئے ارادوں کو یکجا کریں، اپنی کوتاہیوں پر ندامت کے آنسو بہائیں اور سچی توبہ کے ذریعے اپنے رب کو راضی کرلیں۔ جو محرومیاں پورے مہینے میں رہ گئیں، ان کا ازالہ ان آخری راتوں کے قیام اور گریہ وزاری سے ممکن ہے۔ یہ دن سستی اور کاہلی کے نہیں بلکہ اپنی تمام تر روحانی توانائیوں کو بروئے کار لانے کے ہیں، تاکہ جب یہ مہینہ رخصت ہو تو ہم خالی ہاتھ نہ ہوں، بلکہ تقویٰ اور مغفرت کا توشہ ہمارے پاس موجود ہو۔ غنیمت جانیے ان لمحات کو، کیونکہ زندگی کی اگلی سانس اور اگلے سال کا رمضان کسی کے پاس بھی یقینی نہیں۔

یہ مہینہ محض ایک تقویمی تبدیلی یا چند مخصوص اوقات میں کھانے پینے سے رک جانے کا نام نہیں بلکہ یہ ایک اصلاحی تحریک ہے جو انسانی شخصیت کے ریشے ریشے میں اخلاص اور تقویٰ کی روح پھونک دیتی ہے۔ جب ہلال رمضان آسمان پر نمودار ہوتا ہے تو وہ اپنے ساتھ رحمتوں کی وہ برسات لاتا ہے جو انسانی قلوب کے بنجر پن کو دور کر کے وہاں نیکی کی فصل اگانے کے لیے سازگار بناتی ہے۔ اس مہینے کا اصل جوہر اس تربیت میں پوشیدہ ہے جو ایک مومن کو نظم و ضبط، صبر اور شکر کی راہ دکھاتی ہے۔ صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک ایک بندہ مومن اپنی فطری ضرورتوں یعنی بھوک اور پیاس کو محض اللہ کے حکم کی تعمیل میں پس پشت ڈال دیتا ہے، اور یہی وہ نقطہ ہے جہاں سے انسانی ارادے کی مضبوطی کا سفر شروع ہوتا ہے۔ یہ مشق اسے سکھاتی ہے کہ اگر وہ اللہ کی خاطر اپنی جائز ضرورتوں کو ترک کر سکتا ہے تو ناجائز خواہشات اور گناہوں کو چھوڑنا اس کے لیے بدرجہ اولیٰ ممکن ہونا چاہیے۔ یہی وہ خود اختیاری ضبطِ نفس ہے جسے قرآن کریم نے 'تقویٰ' سے تعبیر کیا ہے اور یہی روزے کا اصل ثمر ہے۔

اس تربیتی عمل کا دوسرا اہم ستون 'اصلاحِ نفس' ہے۔ انسان کی زندگی عموماً روایتی ڈگر پر چلتی رہتی ہے جہاں گناہ اور غفلتیں اس کی شخصیت کا حصہ بن جاتی ہیں، لیکن رمضان المبارک ان تمام زنگ آلود عادتوں کو اتار پھینکنے کا سنہری موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ مہینہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ انسان صرف گوشت پوست کے ایک ڈھانچے کا نام نہیں بلکہ اس کے اندر ایک روح بھی ہے جسے غذا کی ضرورت ہوتی ہے، اور روح کی غذا اللہ کا ذکر اور اس کی اطاعت ہے۔ جب ایک روزہ دار شدید گرمی اور پیاس کے عالم میں ٹھنڈے پانی کے قریب ہونے کے باوجود اسے ہاتھ نہیں لگاتا، تو اس کے باطن میں ایک ایسی قوت بیدار ہوتی ہے جو اسے گناہوں کی طرف مائل ہونے سے روکتی ہے۔ یہ اصلاح صرف انفرادی سطح تک محدود نہیں رہتی بلکہ اس کے اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوتے ہیں۔ رمضان کے دوران بدزبانی، غیبت، حسد اور کینہ جیسے امراضِ باطنی سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے تاکہ انسان اپنی زبان اور اخلاق کی ایسی اصلاح کر لے جو رمضان کے بعد بھی اس کا شعار بنی رہے۔ یہ مہینہ دراصل ایک ایسی روحانی ورکشاپ ہے جہاں ٹوٹے ہوئے رشتوں کو جوڑنے، تلخیوں کو ختم کرنے اور انسانیت کے ساتھ ہمدردی کا رویہ اپنانے کی عملی مشق کروائی جاتی ہے۔

اخلاص اس پوری عبادت کی روح اور بنیاد ہے۔ روزے کی سب سے بڑی انفرادیت یہ ہے کہ یہ ایک پوشیدہ عبادت ہے؛ دنیا کی ہر عبادت میں دکھاوے یا ریاکاری کا عنصر شامل ہوسکتا ہے، لیکن روزہ ایک ایسا راز ہے جو صرف بندے اور اس کے رب کے درمیان ہوتا ہے۔ کوئی بھی شخص بند کمرے میں چھپ کر کھا پی سکتا ہے اور باہر آ کر روزہ دار ہونے کا دعوی کرسکتا ہے، لیکن ایک مومن ایسا نہیں کرتا کیونکہ اسے یقین ہوتا ہے کہ اس کا رب اسے دیکھ رہا ہے۔ یہی وہ احساسِ بندگی ہے جو اخلاص کی معراج ہے۔ جب عمل میں اخلاص پیدا ہو جاتا ہے تو وہ عمل بارگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت پاتا ہے۔ رمضان ہمیں سکھاتا ہے کہ ہماری ہر نیکی، چاہے وہ نماز ہو، صدقہ ہو یا خلقِ خدا کی خدمت، اس کا مقصد صرف اور صرف رضائے الٰہی ہونا چاہیے۔ یہ مہینہ انسان کو دکھاوے کی نمائش سے نکال کر حقیقت کی سادگی میں لے آتا ہے، جہاں وہ اپنے خالق کے سامنے اپنی بندگی کا اعتراف کرتا ہے۔

رمضان المبارک کا ایک نہایت اہم پہلو سماجی تربیت اور ہمدردی کا فروغ بھی ہے۔ بھوک اور پیاس کی تکلیف سے گزر کر ایک کھاتے پیتے انسان کو ان محروم طبقوں کا دکھ محسوس ہوتا ہے جو سارا سال غربت اور فاقہ کشی میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ احساسِ ہمدردی انسان کو انفاق فی سبیل اللہ یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنے پر ابھارتا ہے۔ زکوٰۃ اور صدقات کے ذریعے دولت کی منصفانہ تقسیم کا جو عمل اس مہینے میں تیزی سے دیکھنے کو ملتا ہے، وہ معاشرتی استحکام کا ضامن بنتا ہے۔ جب ایک معاشرہ مجموعی طور پر اخلاص اور اصلاح کے اس عمل سے گزرتا ہے تو وہاں امن، سکون اور بھائی چارے کی فضا قائم ہوتی ہے۔ مساجد کا تلاوتِ قرآن سے گونجنا، راتوں کو قیام اللیل میں رونا اور گڑگڑانا، اور سحر و افطار کے وقت کی مخصوص برکتیں، یہ سب مل کر ایک ایسا ماحول تخلیق کرتی ہیں جس میں برائی کمزور اور نیکی توانا ہو جاتی ہے۔

رمضان کے دنوں میں خدمتِ خلق کے مواقع عام دنوں کی نسبت کہیں زیادہ نمایاں ہو جاتے ہیں۔ گلی محلوں میں لگنے والے افطار دسترخوان، مساجد کے باہر سادہ مگر خلوص سے بھرپور انتظامات، اور شاہراہوں پر مسافروں کو پیش کی جانے والی افطاریاں اس بات کی علامت ہیں کہ ہمارے معاشرے میں خیر کا جذبہ ابھی زندہ ہے۔ لوگ اپنی استطاعت کے مطابق دوسروں کے لیے آسانی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ منظر اس حقیقت کا عکاس ہے کہ اگرچہ معاشی مشکلات موجود ہیں، مگر دلوں میں سخاوت کی روشنی باقی ہے۔

رمضان دراصل ایک تربیتی کیمپ ہے جو ہمیں پورے سال کے لیے تیار کرتا ہے۔ اگر خدمت، ایثار اور ہمدردی کا جذبہ صرف تیس دنوں تک محدود رہے اور عید کے بعد سرد پڑ جائے تو اس مہینے کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ اصل کامیابی یہ ہے کہ ہم رمضان میں سیکھے گئے اسباق کو اپنی مستقل زندگی کا حصہ بنا لیں۔ غربا کی خبرگیری، پڑوسیوں کا خیال، مسافروں کی مدد اور اجتماعی ذمہ داری کا احساس اگر سال بھر برقرار رہے تو معاشرہ خود بخود اعتدال اور امن کی راہ پر گامزن ہو جاتا ہے۔

عموماً دیکھا گیا ہے کہ افطار کے اہتمام پر خاص توجہ دی جاتی ہے، مگر روزہ صرف افطاری کا نام نہیں۔ سحری روزے کی بنیاد ہے۔ اگر سحری نہ ہو تو روزہ مشقت میں بدل جاتا ہے۔ افسوس کہ ہمارے معاشرے میں سحری کے اجتماعی انتظامات نسبتاً کم دیکھنے میں آتے ہیں، حالانکہ بہت سے محنت کش، دیہاڑی دار مزدور، مسافر اور طلبہ ایسے ہیں جن کے لیے سحری کا باقاعدہ انتظام ممکن نہیں ہوتا۔ ایسے افراد اکثر خالی پیٹ روزہ رکھنے پر مجبور ہوتے ہیں، جو ان کے لیے جسمانی طور پر زیادہ دشوار ہو جاتا ہے۔

یہی وہ پہلو ہے جس پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ نے خصوصی توجہ دی ہے۔ جماعت نے محض افطار دسترخوان تک اپنی سرگرمیوں کو محدود نہیں رکھا بلکہ منظم اور مربوط انداز میں ملک گیر سحر ڈرائیو کا اہتمام کیا ہے۔ لاہور، کراچی، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور دیگر بڑے شہروں سمیت چھوٹے قصبوں اور دیہی علاقوں میں بھی باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت سحری کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ روزانہ لاکھوں افراد تک باعزت انداز میں سحری پہنچانے کا انتظام کیا گیا ہے، جس میں محنت کش طبقہ، طلبہ، مسافر، رکشہ ڈرائیور، فیکٹری ورکرز اور کم آمدنی والے خاندان خصوصی طور پر شامل ہیں۔

حقیقت میں رمضان المبارک ایک سالانہ ری چارجنگ کورس ہے جو مومن کو اگلے گیارہ مہینوں کے لیے تیار کرتا ہے۔ اگر رمضان گزرنے کے بعد بھی ہماری نمازوں میں پابندی، اخلاق میں نرمی، معاملات میں شفافیت اور دلوں میں اللہ کا خوف باقی رہتا ہے، تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس تربیت نے اپنا اثر دکھایا ہے۔ یہ مہینہ ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ تقویٰ کوئی ایسی چیز نہیں جو صرف مسجد کے کونے میں بیٹھ کر حاصل کی جائے، بلکہ یہ زندگی کے ہر معاملے میں اللہ کو حاضر و ناظر جاننے کا نام ہے۔ رمضان کی ہر سحر ایک نیا عزم دیتی ہے اور ہر افطار اس یقین کو پختہ کرتی ہے کہ اللہ کی بندگی میں ہی حقیقی کامیابی اور سکون ہے۔ لہٰذا، ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ رمضان کو صرف روایتی جوش و خروش سے نہ منائے بلکہ اسے اپنی زندگی کی کلی اصلاح، گناہوں سے سچی توبہ اور خالص بندگی کے عہد کے طور پر گزارے، تاکہ اس مہینے کے فیوض و برکات اس کی دنیا اور آخرت دونوں کو منور کردیں۔

شہر قائد

امریکی قونصل خانے کی جانب جانے والا راستہ کنٹینرز لگا کر بند ہے

بلدیاتی نمائندوں کی غیر فعالیت سے کراچی کے مسائل بڑھ رہے ہیں: الطاف شکور

سندھ حکومت نے قانون سازی کر کے اداروں کو غیر فعال اور کرپٹ بنا دیا ہے

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے کہا ہے کہ کراچی کے عوام نے ہزاروں بلدیاتی نمائندے منتخب کیے ہیں مگر اس کے باوجود شہر میں گندگی، ٹوٹی سڑکیں اور ابلتے گٹر معمول بن چکے ہیں۔ منتخب کونسلرز ذمہ دارانہ انداز میں کام کریں تو کراچی کے بیشتر بلدیاتی مسائل مقامی سطح پر ہی حل ہو سکتے ہیں۔ کراچی میں 246 یونین کمیٹیوں میں بارہ سو سے زائد مقامی کونسلرز منتخب ہوئے ہیں، لیکن افسوس کی بات ہے کہ بہت سے علاقوں کی گلیاں اب بھی کچرے کے ڈھیروں سے بھری ہوئی ہیں جبکہ سیوریج کا نظام جگہ جگہ ناکام دکھائی دیتا ہے۔ سندھ حکومت نے قانون سازی کر کے اداروں کو غیر فعال اور کرپٹ بنا دیا ہے۔ دو کروڑ سے زائد آبادی والے اس شہر میں بلدیاتی نظام کا مقصد یہ تھا کہ عوام کے مسائل ان کے اپنے محلوں اور علاقوں میں حل ہوں۔

ماہ صیام خیرات، نیکی اور خدمت خلق کا سنہری موقع ہے، سعید احمد بیگ

کراچی (پ۔ر) پاک امن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین سعید احمد بیگ نے کہا ہے کہ رمضان المبارک بابرکت مہینہ انسانیت کے لیے خیرات، نیکی اور خدمت خلق کا سنہری موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مہینے میں مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ صرف روزہ اور نماز تک محدود نہ رہیں بلکہ اپنے اخلاق، رویے اور سماجی خدمات کے ذریعے معاشرے میں مثبت تبدیلی لائیں۔ چیئرمین نے زور دیا کہ رمضان کے ایام میں غربا، مساکین اور ضرورت مندوں کی مدد کو اولین ترجیح دی جائے اور اس کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان خصوصاً اس مہینے میں زیادہ فعال کردار ادا کریں، صدقات، خیرات اور معاشرتی خدمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ معاشرے میں بھائی چارہ، اتحاد اور ہم آہنگی قائم ہو۔ سعید احمد بیگ نے مزید کہا کہ رمضان المبارک صرف عبادت کا مہینہ نہیں بلکہ ایمان، قربانی، صبر اور اخلاقی تربیت کا مہینہ بھی ہے۔

کراچی میں 2 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز

شاہراہ بھٹو کو ایئرپورٹ کوریڈور سے ملانے والا عظیم پورہ فلائی اوور بھی شامل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ سال 2026 کراچی میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل کا سال ہوگا اور اس سال شہر کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے 70 سے 75 ارب روپے تک خرچ کیے جائیں گے جبکہ مختلف اداروں کی شراکت سے کراچی میں مجموعی طور پر تقریباً 100 ارب روپے کے ترقیاتی کام متوقع ہے، ایف ڈبلیو او کے ساتھ مل کر جناح ایونیو پر انڈر پاس بھی تعمیر کیا جائے گا جبکہ منور چورنگی انڈر پاس کو ایک سال میں مکمل کیا جائے گا، یہ بات انہوں نے ضلع کورنگی کے علاقے شاہ فیصل کالونی میں عظیم پورہ فلائی اوور، لیاقت روڈ، کھوکھرا پار نمبر 5 تا کھوکھرا پار سی ایریا، مہران ڈپو روڈ، جناح ایونیو تا بیگم خورشید روڈ اور ہاشم رضا روڈ، جناح ایونیو تا کے ٹی سی جائے کمپنی کی بہتری اور بحالی کے منصوبے اور جامع ملیہ روڈ کی بہتری اور بحالی اور دیگر ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، سٹی کونسل میں پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر دل محمد، جمن دروان، کے ایم سی سٹی کونسل کے اراکین، منتخب نمائندے اور دیگر معززین بھی موجود تھے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ عظیم پورہ انٹرسیکشن پر فلائی اوور کی تعمیر اور ملحقہ سڑکوں کی بہتری کے منصوبے کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ ملیر ریور برج سے شمع شاپنگ سینٹر شاہ فیصل ٹاؤن تک روڈ ری ہیبلیٹیشن، ڈرینج اور الیکٹریفکیشن پر مشتمل ہے جس سے علاقے میں ٹریفک کے مسائل میں نمایاں کمی آئے گی، میئر کراچی نے کہا کہ منصوبے کی مجموعی لاگت تقریباً 1477 ملین روپے ہے اور اسے بلدیہ عظمیٰ کراچی کے تحت مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عظیم پورہ فلائی اوور کی لمبائی تقریباً 700 میٹر ہوگی جبکہ اطراف کی سڑکوں کی تعمیر اور توسیع بھی منصوبے کا حصہ ہے۔ اسی طرح شاہراہ بھٹو سے شاہ فیصل راؤنڈ اباؤٹ تک 625 میٹر ڈبل ٹریک روڈ تعمیر کی جائے گی جبکہ شاہ فیصل راؤنڈ اباؤٹ کی از سر نو تعمیر، پارکنگ ایریا اور ملحقہ سڑکوں کی بہتری بھی اس منصوبے میں شامل ہے، انہوں نے کہا کہ فلائی اوور اور چورنگی کی تعمیر سے شاہ فیصل ٹاؤن، کورنگی اور ملحقہ علاقوں میں ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی اور شہریوں کو آمد و رفت میں بڑی سہولت میسر آئے گی۔ منصوبے میں جدید ڈرینج سسٹم کی بہتری کے لیے نئے نالوں اور بارش کے پانی کی نکاسی کا مؤثر نظام بھی قائم کیا جائے گا جبکہ علاقے میں بہتر روشنی کے لیے 93 اسٹریٹ لائٹس پولز اور 157 لائٹس نصب کی جائیں گی، میئر کراچی نے کہا کہ عظیم پورہ انٹرسیکشن شاہ فیصل کے علاقوں کو کورنگی سے ملانے والا اہم راستہ ہے جبکہ کورنگی انڈسٹریل ایریا سے شاہراہ فیصل آنے کے لیے بھی بڑی تعداد میں شہری اسی سڑک کو استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں موجود سگنل کی وجہ سے ٹریفک کو مشکلات کا سامنا تھا جسے مدنظر رکھتے ہوئے اس مسئلے کو قیادت کے سامنے پیش کیا گیا اور اب فلائی اوور کی تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ عظیم پورہ فلائی اوور کو سو روز میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی اور شاہ فیصل ٹاؤن سے شمع شاپنگ سینٹر تک جانے والی سڑک کی بحالی کا کام بھی اسی منصوبے کے تحت کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہمارا وعدہ ہے کہ اس منصوبے کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام کے لیے کھول دیا جائے گا، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ لیاقت روڈ، مہران ڈپو روڈ اور ہاشم رضا روڈ کی بہتری اور بحالی کے منصوبے پر بھی کام کیا جائے گا۔

رمضان المبارک نیکیوں، عبادت اور اخلاقی اصلاحات کا مہینہ ہے، مفتی فیض

کراچی (پ۔ر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی ابوالحسن محمد فیض احمد قادری نے کہا ہے کہ رمضان المبارک نیکیوں، عبادت اور اخلاقی اصلاحات کا مہینہ ہے۔ انہوں نے تمام مسلمانوں خصوصاً نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اس مہینے کی برکتوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں اور اپنی زندگیوں میں صبر، شکرگزاری اور خدمت خلق کے جذبے کو فروغ دیں۔ مفتی قادری نے کہا کہ رمضان صرف روزہ رکھنے کا مہینہ نہیں بلکہ یہ ایمان، قربانی، اتحاد اور دوسروں کے دکھ درد کو سمجھنے کا بھی درس دیتا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنے اخلاق، رویے اور علمی استعداد کو بہتر بنانے کے لیے اس بابرکت مہینے میں زیادہ سے زیادہ وقت قرآن کی تلاوت، نماز اور نیک کاموں میں گزاریں۔ چیئرمین نے مزید کہا کہ رمضان المبارک ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ نیکی، بھائی چارہ اور خدمت خلق کے بغیر معاشرتی اور اخلاقی ترقی ممکن نہیں۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب شاہ فیصل کالونی میں عظیم پورہ فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سندھ بھر سے

حیسکو ملازمین کو عید الفطر پر اعزازیہ دینے کا اعلان

حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی منظوری سے باقاعدہ دفتری یادداشت جاری کردی گئی

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 5 مارچ 2026 کو منعقد ہونے والے 267 ویں اجلاس میں اس فیصلے کی منظوری دی گئی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) نے عید الفطر کے موقع پر مالی سال 2025-26 کے لیے اپنے ملازمین کو اعزازیہ دینے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس حوالے سے حیسکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی منظوری سے باقاعدہ دفتری یادداشت جاری کر دی گئی ہے جاری اعلامیے کے مطابق حیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 5 مارچ 2026 کو منعقد ہونے والے 267 ویں اجلاس میں اس فیصلے کی منظوری دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے تحت حیسکو کے ریگولر، کنٹریکٹ، ڈیلی ویجز، پارٹ ٹائم، ڈیپوٹیشن اور آؤٹ سورسڈ ملازمین کو اعزازیہ دیا جائے گا، بشرطیکہ انہوں نے مالی سال 2025-26 کے دوران کم از کم چھ ماہ خدمات انجام دی ہوں اعلامیے کے مطابق ریگولر، کنٹریکٹ اور ڈیپوٹیشن ملازمین کو ایک ماہ کی موجودہ بنیادی تنخواہ کے برابر اعزازیہ دیا جائے گا، جبکہ بی لیول اور لمپ سم پیکج پر کام کرنے والے ملازمین کو پیکج کا 60 فیصد ادا کیا جائے گا۔ اسی طرح ڈیلی ویجز اور پارٹ ٹائم ملازمین کو متعلقہ عہدے کی ابتدائی بنیادی تنخواہ جبکہ آؤٹ سورسڈ عملے کو پیکج کا 60 فیصد اعزازیہ دیا جائے گا نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ کرپشن، بجلی چوری، خرد برد یا دیگر سنگین بدعنوانی کے مقدمات میں زیر تفتیش یا محکمانہ کارروائی کا سامنا کرنے والے ملازمین اس اعزازیہ کے اہل نہیں ہوں گے۔ اسی طرح وہ ملازمین جو غیر معمولی رخصت پر ہوں یا حیسکو سے باہر ڈیپوٹیشن پر خدمات انجام دے رہے ہوں، انہیں بھی اعزازیہ نہیں دیا جائے گا حیسکو انتظامیہ کے مطابق یہ اعزازیہ ملازمین کی خدمات کے اعتراف اور عید الفطر کے موقع پر انہیں خوشیوں میں شریک کرنے کے لیے دیا جا رہا ہے۔

دو ٹریفک حادثات میں نوجوان اور لڑکا جاں بحق ہوگئے

محراب پور (پاکستان بلیٹن) دو ٹریفک حادثات میں نوجوان اور لڑکا جاں بحق ہوگئے، پہلا حادثہ درس پولیس تھانہ کی حدود میں قومی شاہراہ پر ہوا جہاں ٹرالر کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار لڑکا ذبیر مہر ولد عمران مہر جاں بحق ہوگیا، دوسرا حادثہ جھلو پولیس تھانہ کی حدود میں دادو مورو پل پر ہوا جہاں نامعلوم گاڑی کی زد میں آ کر موٹر سائیکل سوار نوجوان قمر علی شاہ جاں بحق ہوگیا پولیس کے جاں بحق نوجوان کا تعلق گاؤں ملک سے تھا نعش ضروری کارروائی بعد ورثاء حوالے کردی ہے۔

مورو: اسسٹنٹ کمشنر مورو مستقیم قریشی پیٹرول پمپوں پر کارروائیاں کرتے ہوئے ماپ تول میں کمی پر جرمانے عائد کر رہے ہیں

کروندی کا نوجوان اور سہیون جانے والا نوجوان پراسرار طور پر لاپتہ

محراب پور (پاکستان بلیٹن) کروندی کا نوجوان اور سہیون جانے والا نوجوان پراسرار طور پر لاپتہ، اغوا کا شک، سہیون سے مبینہ اغوا دوشیزہ گاؤں ترائی پل سے بازیاب، کروندی شہر کا رہائشی نوجوان راجہ مل بھنگو بھن میں سرسوں بیچ کر واپس آتے ہوئے رستے سے لاپتہ ہوگیا ہے رکشہ شہر کے قریب سے لاوارث حالت میں ملا ہے ورثاء نے اغوا کا شک ظاہر کردیا، مورو شہر کا رہائشی 28 سالہ نوجوان فیصل فراز کوریجو مسافر وین سے سہیون گیا لیکن واپس گھر نہیں آیا ہے ورثاء نے اغوا کا شک ظاہر کیا ہے دوسری طرف چار روز قبل سہیون شریف سے مبینہ اغوا شدہ دوشیزہ نائلہ چانڈیو کو سہیون پولیس نے کوٹ لالو پولیس تھانہ کی حدود میں گاؤں ترائی پل سے بازیاب کرا لیا ہے پولیس کے مطابق دوشیزہ کے اغوا میں ملوث دو مبینہ اغوا کار فضل رند اور راجہ مہیسر کو گرفتار کیا ہے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

اقدام خودکشی کا واقعہ

محراب پور (پاکستان بلیٹن) اقدام خودکشی کا واقعہ، خان واہن پولیس تھانہ کی حدود گاؤں بکو خاص خیلی میں امجد علی ولد غلام مصطفیٰ خاص خیلی نے بیروزگاری اور گھریلو مسائل پر دلبرداشتہ ہو کر پستول سے خود کو گولی مار لی۔

اسکیم نمبر 2 میں نکاسی آب کا نظام تباہ، علاقہ مکینوں کا احتجاج کا عندیہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یونین کونسل میر شیر محمد ٹالپر کے علاقے اسکیم نمبر 2 میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کر گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ یو سی چیئرمین ولی محمد ناریجو کی جانب سے علاقے کی تمام گلیوں کو صاف ستھرا قرار دینے کے دعوے زمینی حقائق کے برعکس ہیں مقامی رہائشیوں کے مطابق اسکیم نمبر 2 میں کئی سالوں سے گٹروں کا گندا پانی گلیوں اور گھروں میں داخل ہو رہا ہے جبکہ متعدد مقامات پر گٹروں کے ڈھکن ٹوٹے ہوئے ہیں اور گٹر کا پانی اوپر تک ابل کر سڑکوں پر پھیل رہا ہے۔ اس صورتحال کے باعث اہل علاقہ کو شدید مشکلات اور تعفن کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس مسئلے کے حوالے سے کئی مرتبہ چیئرمین ولی محمد ناریجو کو آگاہ کیا، تاہم اب تک کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا گیا۔

شوہر کے حملے میں خاتون زخمی، بچے پر تشدد کا واقعہ

محراب پور (پاکستان بلیٹن) شوہر کے حملے میں خاتون زخمی، بچے پر تشدد کا واقعہ، سوشل میڈیا تکرار پر مری اور منگھ برادری میں گروہی تصادم، مورو پولیس تھانہ کی حدود میں گولڈن گراؤنڈ کے پاس مسلح افراد کے حملے میں مسمات مہتاب یمن زخمی ہوگئی جسے اسپتال منتقل کر دیا زخمی خاتون کے مطابق علیحدگی اختیار کرنے پر شوہر عبد الرحمن دلو اور راجو دلو نے حملہ کیا ہے، بھریا سٹی پولیس تھانہ کی حدود فتح پور محلہ میں نامعلوم افراد نے 9 سالہ عاقب راجپر ولد رسول بخش راجپر کو تشدد کا نشانہ بنایا اور گلے میں رسہ ڈال کر دروازے سے لٹکا کر فرار ہوگئے، دریا خان مری پولیس تھانہ کی حدود میں مری اور منگھ برادری کے افراد میں سوشل میڈیا پر فیک آئی ڈی سے پوسٹ لگانے پر تصادم ہوگیا۔

نوشہرو فیروز: شہید بینظیر بھٹو یونیورسٹی کی فائنانس پلاننگ کمیٹی کا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مدد علی شاہ کی صدارت میں ہو رہا ہے

ٹرک اور موٹر سائیکل میں تصادم، نوجوان جاں بحق، دوسرا شدید زخمی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرواہ روڈ پر جام لغاری کے قریب عابدین پیٹرول پمپ کے سامنے ٹرک اور موٹر سائیکل کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک نوجوان موقع پر ہی جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا عینی شاہدین کے مطابق تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے باعث موٹر سائیکل پر سوار دونوں نوجوان شدید زخمی ہوگئے۔ حادثے کے بعد ایک نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ دوسرے زخمی کو تشویشناک حالت میں فوری طور پر سول اسپتال میرپورخاص منتقل کر دیا گیا جہاں ڈاکٹروں کے مطابق اس کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے پولیس کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والے دونوں موٹر سائیکل سوار کم عمر بتائے جا رہے ہیں جبکہ تاحال ان کی شناخت نہیں ہو سکی۔ ذرائع کے مطابق ان کی جیب سے صرف ایک پرچی برآمد ہوئی ہے۔

ایوب گمرنٹ پاڑے میں سوئی گیس کی بدترین بندش

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص کے علاقے ایوب گمرنٹ پاڑے میں ماہ رمضان المبارک کے دوران سوئی گیس کی بدترین بندش نے شہریوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ سحری اور افطاری کے اوقات میں گیس مکمل طور پر ناپید ہو جاتی ہے جبکہ بعض گھروں میں گیس لائنوں، میٹروں اور چولہوں میں گیس کے بجائے پانی آنے کی شکایات بھی سامنے آرہی ہیں۔

بقیہ نمبر 01

کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ بھی موجود تھے۔ وزیر داخلہ سندھ نے دورے کے دوران مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا معائنہ کیا جہاں انہیں شہر بھر میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے جاری مانیٹرنگ، جرائم کی روک تھام اور سکیورٹی اقدامات سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے وزیر داخلہ سندھ کو آ گاہ کیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے شہر کے مختلف علاقوں کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جبکہ اہم مذہبی مواقع کے پیش نظر خصوصی سکیورٹی پلان پر بھی مؤثر انداز میں عملدرآمد جاری ہے۔ اس موقع پر وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے کہا کہ مؤثر مانیٹرنگ اور بروقت انسدادی اقدامات جرائم کے تدارک اور امن وامان کے قیام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے سندھ پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ کی کوشش ہے کہ پولیس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی، ضروری آلات اور تربیت سے مکمل طور پر لیس کیا جائے تاکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔ وزیر داخلہ سندھ نے اس امر پر بھی زور دیا کہ عوام کا پولیس پر اعتماد مضبوط اور غیر متزلزل ہونا چاہیے اور اس مقصد کے لیے ادارہ جاتی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے۔ بعد ازاں وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر برآمد ہونے والے مرکزی جلوس کے روٹس کا بھی دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر وزیر داخلہ سندھ کو جلوس کے روٹس پر پولیس ڈپلائمنٹ، ٹریفک مینجمنٹ، نگرانی کے نظام اور دیگر حفاظتی انتظامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر داخلہ سندھ نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ جلوس کے پرامن انعقاد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ وزیر داخلہ سندھ نے اس موقع پر کہا کہ یوم شہادت حضرت علی ہمیں صبر، برداشت اور باہمی احترام کا درس دیتا ہے اور ایسے مواقع پر اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ معاشرتی ہم آہنگی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین المسالک ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ کے لیے تمام طبقات کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ مذہبی اجتماعات اور جلوسوں کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں، انتظامیہ اور علمائے کرام کے باہمی تعاون سے ہر اہم مذہبی موقع پر مثالی نظم وضبط قائم رکھا جاتا ہے۔ ناصر حسین شاہ نے مزید کہا کہ عوام کو چاہیے کہ وہ سکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور امن وامان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریوں کا بھی احساس کریں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھتی ہے۔ دورے کے موقع پر ایڈیشنل آئی جیز، ڈی آئی جیز ہیڈکوارٹرز، آئی ٹی، ٹریننگ اور دیگر متعلقہ سینئر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 02

سے ہاکی کھلاڑیوں کو سپورٹ کریں گے۔ پی سی بی ہاکی کھلاڑیوں سے پہلے کی طرح تعاون کرتا رہے گا، کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتوں کی فراہمی میں ہمارا تعاون شامل رہے گا۔

بقیہ نمبر 03

مطابق واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آنے کے بعد ایس ایس پی سٹی عارف عزیز نے کارروائی کرتے ہوئے سب انسپکٹر عاصم کو معطل کر دیا ہے۔ سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک اے ایس آئی پٹرول پمپ پر موٹرسائیکل پر بیٹھے بائیک رائیڈر پر تشدد کر رہا ہے۔ معطل سب انسپکٹر عاصم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اس نے بائیک رائیڈر کو پٹرول پمپ پر گٹکا کھاتے دیکھا تھا، جب اس سے اس بارے میں پوچھا تو دونوں کے درمیان تلخ کلامی ہوگئی۔ ایس ایس پی سٹی عارف عزیز کے مطابق واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں اور رپورٹ کی روشنی میں مزید کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 04

کے سدباب کیلئے جامع ایکٹ تیار کرلیا گیا ہے۔ لہٰذا اسلحہ گھر میں آویزاں کرنے کے لئے بھی خصوصی اجازت نامہ حاصل کرنا ہوگا، نئے ایکٹ کے نفاذ کے بعد ناجائز اسلحہ ڈی سی کو جمع کرانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 05

ا ہے۔ حکومت نے 15 کروڑ لٹر والے (ڈیزل) پر (لیوی کے 20) روپے کم کر دیئے جبکہ 22 کروڑ لٹر والے (پیٹرول) پر 20 روپے بڑھا دیئے، سابق وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ یہ جتنے سادہ نظر آتے ہیں اور رانا احسان افضل کی شکل میں جتنے خوبصورت نظر آتے ہیں اتنے سادے یہ ہیں نہیں۔

بقیہ نمبر 06

گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کمیٹی کے کنوینر ہوں گے جبکہ الیکشن کمیشن کے سپیشل سیکرٹری پالیسی ظفر اقبال حسین کو کمیٹی کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ الیکشنز ندیم قاسم کو بھی کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے جبکہ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن بھی کمیٹی کے رکن مقرر کئے گئے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق کمیٹی ٹاؤن کارپوریشنز کی حد بندی کے نوٹیفکیشن کو حتمی شکل دے گی، اسی طرح ہر ٹاؤن کارپوریشن میں یونین کونسلوں کی تعداد کے نوٹیفکیشن پر بھی غور کیا جائے گا، اس کے علاوہ حد بندی کے مطابق مستند نقشے اور علاقوں کے ناموں کی فراہمی بھی کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی۔ حکام کا کہنا ہے کہ کمیٹی آئی سی ٹی لوکل گورنمنٹ کنڈکٹ آف الیکشنز رولز 2015 میں ترامیم کا مسودہ بھی تیار کرے گی، آئی سی ٹی لوکل گورنمنٹ ترمیمی آرڈیننس 2026 کے مطابق ترامیم جلد تیار کی جائیں گی، اس مقصد کیلئے کمیٹی باقاعدگی سے اجلاس منعقد کر کے معاملات کو جلد مکمل کرے گی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق گزشتہ روز وزارت داخلہ کی جانب سے کمیٹی بنانے کی درخواست کی گئی تھی جس کے بعد یہ اقدام کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 07

ہے احتساب شروع ہوگیا ہے۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ رمضان کا آخری عشرہ شروع ہوچکا ہے عید سر پر ہے، خواتین کے لیے ہمیشہ عدالت نے نرم گوشہ رکھا ہے، 14 ماہ بعد سزا معطلی کی درخواستیں لگی ہیں، مجھے کلائنٹ نے کبھی نہیں کہا میڈیکل گراؤنڈ پر کیس لڑیں، آج آپ کی عدالت کا ہی فیصلہ پیش کرنا ہے، آپ نے ملتان بینچ میں ایک شخص کی بینائی جانے پر قتل کے مقدمے میں ضمانت دی تھی، میرے کلائنٹ کی تو چودہ سال کی قید ہے، آج پراسیکیوٹر موجود نہیں ہیں۔ رافع مقصود نے کہا کہ وہ بطور اسپیشل پراسیکیوٹر نیب عدالت میں موجود ہیں۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ سزا معطلی کی درخواست کی قابل سماعت ہونے پر ایک متفرق درخواست دائر کی ہے، ہماری متفرق درخواست پر جواب دے دیں، ہم ان کی متفرق درخواست پر جواب جمع کروا دیں گے۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ ہم صرف سماعت مانگ رہے ہیں نتیجہ نہیں مانگ رہے۔

بقیہ نمبر 08

ٹھیک نہیں تھی اور ڈاکٹر نے 6 دن کا بیڈ ریسٹ کہا تھا، باوجود اس کے وہ نہ صرف یہاں آئے بلکہ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ سے ملاقات نہ ہونے تک ہمارے ساتھ دھرنا دے کر بیٹھے رہے۔ جو بھی ان کی بات چیت ہوئی، وہ چیف جسٹس صاحب کے اعلانات میں نظر آئیگی۔ اس دوران علیمہ خان نے بتایا کہ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کا پیغام آیا ہے کہ عمران خان سے فیملی کی ملاقات کرانے کیلئے بھی اقدامات کریں گے۔

بقیہ نمبر 09

مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ کی تمام معزز عدالتیں 50 فیصد صلاحیت کے ساتھ کام کریں گی، رجسٹرار اور ایم آئی ٹی ہفتہ وار بنیادوں پر گھر سے کام کریں گے۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ کورٹس پیر سے جمعرات تک مکمل کام کریں گی، ڈسٹرکٹ جج جمعہ اور ہفتہ کو ارجنٹ کرمنل اور سول کیسز کے لیے ڈیوٹی جج تعینات کریں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق صرف ضمانت قبل از گرفتاری، بعد از گرفتاری اور حبس بے جا، حکم امتناعی، فوری نوعیت کے دیگر ارجنٹ کیسز اور کورٹ کے فکس کردہ کیسز کی سماعت ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ توانائی بچت اقدامات کے تحت اسلام آباد ہائیکورٹ کی آفیشل گاڑیوں کے لیے فیول کی فراہمی میں 50 فیصد کٹوتی کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ ڈسٹرکٹ جوڈیشری کی سرکاری گاڑیوں کے فیول میں 25 فیصد کمی کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد کی حدود میں ہائیکورٹ ججز اور جوڈیشل افسران کوئی سیکیورٹی وہیکل استعمال نہیں کریں گے جبکہ وکلا کے لیے ویڈیو لنک کے ذریعے سماعت کی سہولت دستیاب ہوگی۔

بقیہ نمبر 10

گے، جبکہ لیپ ٹاپ ریپئرنگ اور سولر انورٹر ریپئرنگ کے نئے کورسز کروائے جائیں گے۔ گزشتہ روز الخدمت ہیڈ آفس میں دھوراجی اور پی آئی بی کیمپس سے موبائل ریپئرنگ، اے سی ریفریجریشن اور الیکٹریشن کے کورسز پاس کرنے والے طلبہ کے اعزاز میں افطار ڈنر اور تقریب تقسیم اسناد کا اہتمام کیا گیا، اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر الخدمت کراچی راشد قریشی و دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ تقریب سے ڈائریکٹر اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام یوسف محی الدین اور سینئر منیجر محمد طارق نے بھی خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو الخدمت کراچی نوید علی بیگ نے کہا کہ الخدمت نئی نسل کو ہنرمند بنا رہی ہے۔ بنو قابل آئی کورسز پروگرام میں شاندار کامیابی کے ساتھ ہم نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے پر کام کررہے ہیں، شہر میں اس وقت 4 اسکل ڈیولپمنٹ سینٹر قائم ہیں جہاں نوجوانوں کو موبائل ریپئرنگ، سولر پی وی ٹیکنیشن، اے سی ریفریجریشن اور الیکٹریشن، موبائل آٹو میشن سمیت دیگر کورسز کروائے جارہے ہیں۔ لوگ اپنے بچوں کو آئی ٹی کے ساتھ ساتھ دیگر ہنر بھی سکھائیں۔ نوید علی بیگ نے کہا کہ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام سے اب تک ہزاروں بچے کورسز کرچکے ہیں، ہم اس پرگرام کو وسعت دینا چاہتے، ان شاءاللہ عیدالفطر کے بعد کورسز بڑھائیں گے اور تین نئے سینٹرز بھی قائم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے بعد صدر، سائٹ میٹروول اور گلشن اقبال میں سینٹر قائم کیے جائیں گے جس سے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو ہنر سیکھنے کے مواقع دستیاب ہوں گے۔ نوید علی نے کہا کہ الخدمت کو سپورٹ کرنے والوں کا جذبہ قابل تعریف ہے۔ صاحب ثروت افراد اس منصوبے میں الخدمت کا ساتھ دیں۔ ڈائریکٹر الخدمت اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام یوسف محی الدین نے کہا کہ نوجوان الخدمت کے پروگرام سے ہنر سیکھ کر بہترین مستقبل کا انتخاب کررہے ہیں، وہ نوجوان قابل مبارکباد ہیں جنہوں نے محنت اور لگن کے ساتھ کورسز کیے اور کامیابی حاصل کی، ہم ان نوجوانوں کی آئندہ کامیابیوں کیلئے بھی دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ان نوجوانوں کیلئے سندھ ٹیکنیکل بورڈ سے بھی الحاق کرلیا، کورسز میں کامیاب نوجوان سندھ ٹیکنیکل بورڈ سے بھی سند حاصل کرسکیں گے۔

بقیہ نمبر 11

اور شجاعت کا روشن نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علی رسول اکرم ﷺ کے قریبی رفیق اور اہل بیت کے ممتاز فرد تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی اسلام کی سربلندی، حق کی پاسداری اور مظلوموں کی مدد کے لئے وقف رکھی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ حضرت علی کی علمی بصیرت، شجاعت اور تقویٰ نے اسلامی تاریخ میں ایک منفرد اور باوقار مقام پیدا کیا۔ انہوں نے میدان جنگ میں بے مثال جرات کا مظاہرہ کیا اور ہر مشکل مرحلے پر حق اور عدل کا پرچم بلند رکھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دور خلافت میں بھی حضرت علی نے عدل، رواداری اور خدمت خلق کو اپنی پہچان بنایا۔ آپ نے ہمیشہ سچائی، صبر اور برداشت کو فروغ دیا۔ ان کی شہادت امت مسلمہ کے لئے ایک بڑا سانحہ ہے مگر ان کی تعلیمات آج بھی مسلمانوں کے لئے رہنمائی کا روشن مینار ہیں۔ سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے کہا کہ حضرت علی کی سیرت ہمیں علم، انصاف، صبر اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں برداشت، بھائی چارے اور عدل کے فروغ کے لئے ہمیں حضرت علی کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 12

ہوں گے۔ کالجز بند ہونے سے امتحانات کے شیڈول پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن نے بھی تعطیلات کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اسپرنگ ہالیڈیز کے اقدامات کے تحت صوبہ بھر کے سرکاری و نجی تعلیمی ادارے 16 مارچ سے 31 مارچ تک بند رہیں گے۔ امتحانات مقررہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے، تعطیلات کا اطلاق امتحانی عمل پر نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 13

آ گئی۔ فی تولہ چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 9 ہزار 354 روپے کی سطح پر مستحکم رہیں، فی دس گرام چاندی کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 8 ہزار 019 روپے کی سطح پر مستحکم رہیں۔

بقیہ نمبر 14

ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.37 فیصد کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ایک ہفتے کے دوران 13 اشیا مہنگی اور 11 کی قیمتیں کم ہوئیں ہیں۔ جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں چکن کی فی کلو قیمت میں 35.48 پیسے، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 200 روپے اور فی درجن کیلے میں 7 روپے سے زائد اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ بیف، مٹن، گڑ، سگریٹس بھی گزشتہ ہفتے مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر فی کلو 7 روپے 14 پیسے، انڈے فی درجن 20 روپے، پیاز فی کلو 4 روپے اور آلو فی کلو 1.67 روپے تک سستے ہوئے ہیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا 54.53 روپے سستا ہوا ہے جبکہ دال ماش، دال مسور، چینی اور ڈنکلیل گھی بھی سستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ علاوہ ازیں بریڈ، تازہ دودھ، دہی سمیت 27 اشیا کی قیمتیں مستحکم بھی رہیں ہیں۔

بقیہ نمبر 15

ہے، (ن) لیگ سے لفافے لیتی ہے اور مل مل کر گیم کررہی ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا شکر ہے عمران خان کی بہنوں نے کوئی اچھا فیصلہ کیا اور اعتزاز احسن کو اب مقدمے دیئے ہیں، بس اللہ ان کی صحت ٹھیک رکھے وہ عمران خان کیلئے آسانیاں کرالیں گے کیونکہ وہ بدنیت نہیں ہیں۔

بقیہ نمبر 16

ہے۔ ترجمان قومی اسمبلی کے مطابق یہ نوٹیفکیشن وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی کفایت شعاری مہم کے تحت جاری کیا گیا ہے، کفایت شعاری مہم کے تحت 70 فیصد سرکاری گاڑیاں بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اراکین قومی اسمبلی کی دو ماہ کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں 25 فیصد کٹوتی کی جائے گی۔ پارلیمانی وفود کے بیرون ملک دوروں پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ گریڈ 20 اور اس سے اوپر کے افسران یا وہ افسران جن کی ماہانہ تنخواہ 3 لاکھ روپے یا اس سے زائد ہے، ان کی دو دن کی تنخواہ قومی خزانے میں جمع کرائی جائے گی۔ نوٹیفکیشن کے تحت سیکرٹریٹ میں تمام خریداری فوری طور پر بند، صرف ناگزیر روزمرہ ضروریات کے لیے محدود خریداری کی اجازت ہوگی۔ قومی اسمبلی اور کمیٹیوں کے اجلاس غروب آفتاب سے پہلے شیڈول کیے جائیں گے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں 80 فیصد عملہ گھر سے ورچوئل ڈیوٹی سرانجام دے گا۔ کفایت شعاری یقینی بنانے کے لیے گھر سے کام کرنے والے 80 فیصد ملازمین کو اضافی الاؤنس نہیں دیے جائیں گے۔ قائمہ کمیٹیوں کے اجلاس ورچوئل یا آن لائن طریقے سے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی میں ہفتے میں چار ایام کار ہوں گے۔ کفایت شعاری پالیسی کے تحت قائمہ کمیٹیوں کے اجلاسوں کو محدود رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بجلی کے استعمال میں 70 فیصد کمی کا فیصلہ، غیر ضروری لائٹس اور برقی آلات بند رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کیفے ٹیریاز کے یوٹیلیٹی بلز میں 70 فیصد بچت کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ روایتی اخراجات میں مزید کمی لانے کے لیے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں پیپر لیس ورکنگ اپنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 17

جانیوالے مختلف گداگروں کیخلاف آپریشن شروع کردیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف کراچی ایئرپورٹ پرہی 900 کے قریب ایسے افراد کو روانگی سے روکا گیا جو سعودی عرب بھیک مانگنے کیلئے جارہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ بین الاقوامی ہوائی اڈے پر پروفائلنگ کا غیرمعمولی نظام قائم کرنے کے علاوہ مشکوک افراد کی سخت جانچ پڑتال کی جارہی ہے۔ ڈائریکٹر کراچی زون نے بتایا کہ یہ کریک ڈاؤن سعودی حکومت کی طرف سے تسلسل کے ساتھ پاکستانیوں کی بیدخلی کی ریکارڈ کی بنیاد پر کیا گیا، سعودی عرب سے ڈی پورٹ کیے جانے والے پاکستانیوں پر الزام ہے کہ وہ عمرے اور نوکری کے ویزوں پر جاکر سعودی عرب میں بھیک مانگتے ہیں، جس سے خلیجی ممالک کے سماجی نظام کو نقصان اور پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گداگروں کی نشاندہی کیلئے سعودی ڈی پورٹ ریکارڈ، ٹریول ہسٹری سمیت کئی پہلوؤں کی جانچ پڑتال کی گئی، جعلی ویزوں اور ایجنٹس سے حفاظت کیلئے قائم سہولت ڈیسک سے یومیہ 250 سے زائد شہری استفادہ کررہے ہیں۔ ایف آئی اے کراچی زون کے ڈائریکٹر نے بتایا کہ قلیل وقت کے دوران شہریوں کو بیرون ملک ملازمتوں کا جھانسہ دینے والے 7 گینگز کو بے نقاب کیا جبکہ غیرقانونی حوالہ، ہنڈی کے خلاف مختلف کارروائیوں کے دوران کروڑوں روپے کی کرنسی تحویل میں لی گئی۔ انہوں نے کہا کہ دھوکہ دہی کے شکار متاثرہ افراد مزید جرائم پر آمادہ اور ان کا جھکاؤ عموماً ایجنٹس کی طرف ہوتا ہے۔ کسی پاکستانی کو سمندروں میں ڈوبنے، بھیک مانگنے اور دیگر جرائم میں ملوث نہیں ہونے دیں گے۔

بقیہ نمبر 18

نے اپنی عدم دستیابی سے متعلق لاہور وائٹس کو آگاہ کر دیا ہے جو نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں شریک ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بابر اعظم نے اس دوران اپنی بیٹنگ بہتر بنانے کے لیے انفرادی کوچز کے ساتھ نیٹس میں ٹریننگ شروع کر دی ہے، وہ آنے والی پاکستان سپر لیگ کو مدنظر رکھتے ہوئے تیاری کر رہے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بابر اعظم اپنی پرانی بیٹنگ تکنیک کو دوبارہ مؤثر بنانے کے لیے خصوصی محنت کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ وہ پاکستان سپر لیگ میں پشاور زلمی کی جانب سے اوپننگ کرتے نظر آئیں گے۔

بقیہ نمبر 19

شادی کرلی ہے۔ افضل خان، جنہیں شوبز انڈسٹری میں جان ریمبو کے نام سے پہچانا جاتا ہے، ماضی میں اپنی منفرد اداکاری کے باعث بے حد مقبول رہے۔ انہیں راتوں رات شہرت سرکاری ٹی وی کے مشہور ڈرامے گیسٹ ہاؤس سے ملی جس میں ان کے کردار نے ناظرین کے دل جیت لیے تھے۔ حال ہی میں وہ رمضان اسپیشل شو میں بطور مہمان شریک ہوئے جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی کے دلچسپ پہلوؤں پر گفتگو کی۔ پروگرام کے دوران انہوں نے اپنی رخصتی کے وقت پیش آنے والے جذباتی لمحے کو یاد کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اس موقع پر واقعی رو پڑے تھے۔ اداکار کا کہنا تھا کہ وہ اس لیے رو رہے تھے کیونکہ انہیں اپنی زندگی کے سفر پر یقین نہیں آ رہا تھا۔ ان کے مطابق کئی لوگوں نے بعد میں کہا کہ وہ اس موقع پر بالکل امیتابھ بچن جیسے لگ رہے تھے، لیکن درحقیقت وہ اپنی زندگی کی جدوجہد کو یاد کرکے جذباتی ہوگئے تھے۔ افضل نے بتایا کہ شادی سے پہلے گھر بنانے کے لیے وہ دن رات محنت کرتے رہے اور یہی جدوجہد اس لمحے میں انہیں یاد آ گئی تھی۔

بقیہ نمبر 20

زیر صدارت سیکریٹری کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سندھ کابینہ کے جامع کفایت شعاری اور پیٹرول بچا منصوبے کے تحت اصلاحات پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین پلاننگ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، چیئرمین اینٹی کرپشن سمیت تمام محکموں کے سیکریٹریز اور کمشنرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے ہدایت کی کہ سرکاری گاڑیوں کے پیٹرول کوٹے میں 50 فیصد کٹوتی کردی جائے اور تمام غیر ضروری گاڑیاں فوری طور پر گراؤنڈ کی جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ میں 4 روزہ ورک ویک نافذ کیا جائے گا جس کے تحت جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو سرکاری دفاتر بند رہیں گے۔ آصف حیدر شاہ نے کہا کہ اعلی سرکاری افسران کی 2 دن کی تنخواہ بھی رضاکارانہ طور پر کاٹی جائے گی جبکہ سرکاری محکموں میں نئی گاڑیوں اور قیمتی اشیا کی خریداری پر جون 2026 تک مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ سرکاری دفاتر میں 50 فیصد عملے کو ورک فرام ہوم کے تحت کام کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ چیف سیکرٹری سندھ نے مزید ہدایت کی کہ سرکاری سطح پر افطار پارٹیوں اور ڈنر پر پابندی ہوگی اور اجلاس اب صرف ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کیے جائیں گے۔ چیف سیکرٹری سندھ نے تمام سیکریٹریز کو ہدایت کی کہ ان کفایت شعاری اقدامات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 21

ہونے اور ایپ تک رسائی میں مشکلات سے متعلق بھی شکایات رپورٹ کی ہیں۔ ویب سائٹس اور ڈیجیٹل سروسز میں خرابی کی فوری معلومات فراہم کرنے والے ادارے ڈاؤن ڈیٹیکٹر کے مطابق پاکستان میں صبح تقریبا 7 بج کر 10 منٹ پر انسٹاگرام ایپ اور ویب سائٹ میں خلل پیدا ہونا شروع ہوا۔ ڈاؤن ڈیٹیکٹر پر اس حوالے سے 13 ہزار سے زائد شکایات درج ہوئیں۔ ان میں 71 فیصد ایپ کی ناکامی اور 20 فیصد سرور کنکشن سے متعلق ہیں۔ امریکہ میں ہزاروں جبکہ پاکستان سمیت دیگر ممالک میں بھی صارفین متاثر ہوئے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق اس خرابی نے براہ راست میسجنگ کو شدید متاثر کیا ہے، جبکہ میٹا نے اس کی وجہ یا بحالی کے وقت کے بارے میں کوئی بیان جاری نہیں کیا۔

بقیہ نمبر 22

خوشیوں سے قبل ایک ہی گھر میں ماتم برپا ہونا انتہائی دلخراش سانحہ ہے، جس نے ہر حساس دل کو رنجیدہ کر دیا ہے۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ کراچی میں ہیوی ٹریفک کے بے قابو نظام نے شہریوں کی زندگیاں خطرے میں ڈال دی ہیں۔ انہوں نے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ صرف ماہ رمضان کے دوران ڈمپرز اور ٹرالرز کے حادثات میں 15 شہری جان کی بازی ہار چکے ہیں جبکہ گزشتہ تین ماہ کے دوران 42 سے زائد شہریوں کو ہیوی گاڑیوں نے کچل کر ہلاک کردیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سال 2026 میں اب تک ٹریفک حادثات کے نتیجے میں 94 افراد جاں بحق اور 1025 سے زائد شہری زخمی ہو چکے ہیں جو کراچی میں ٹریفک نظام کی بدترین صورتحال کا واضح ثبوت ہے۔ پی ٹی آئی سندھ کے صدر نے کہا کہ سندھ حکومت اور متعلقہ ادارے کراچی میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں۔ شہر میں ٹرانسپورٹ مافیا کو کھلی چھوٹ دی جا چکی ہے، جس کے باعث روزانہ شہری اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرالرز اور ڈمپرز کے خلاف مؤثر کارروائی نہ ہونا شہریوں کی جانوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی سڑکوں پر ہیوی ٹریفک کے لیے واضح اور سخت اوقات کار نافذ نہیں کیے جا رہے، نہ ہی ڈرائیورز کی مناسب تربیت اور فٹنس سرٹیفکیٹس کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ اوورلوڈنگ، تیز رفتاری اور ناقص گاڑیوں کے باعث حادثات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ حلیم عادل شیخ نے سندھ حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے مگر بدقسمتی سے موجودہ صوبائی حکومت عوام کے تحفظ میں مکمل ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر چند روز بعد ڈمپر اور ٹرالر حادثات کراچی کے شہریوں کو نگل رہے ہیں مگر حکومت اور انتظامیہ سنجیدہ اقدامات کرنے کے بجائے صرف بیانات تک محدود ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہیوی ٹریفک کے لیے فوری طور پر سخت اوقات کار مقرر کیے جائیں، ٹرانسپورٹ مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، غیر رجسٹرڈ اور فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر گاڑیوں کو فوری طور پر سڑکوں سے ہٹایا جائے اور ذمہ دار ڈرائیورز و کمپنیوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ حلیم عادل شیخ نے ٹریفک پولیس اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں اور ایسے المناک واقعات کی روک تھام کے لیے جامع اصلاحات نافذ کی جائیں۔ انہوں نے مرحومین تابش اور عاطف کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندان کو فوری مالی امداد فراہم کی جائے اور واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

بقیہ نمبر 23

بعد انکشاف ہوا کہ انہوں نے جعلی ویب سائٹ بنا کر خود کو صحافی ظاہر کیا ہوا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق جعلی صحافیوں کے گروہ کا سرغنہ توصیف نامی شخص ہے جو ساتھیوں کے ساتھ مل کر شہریوں کو تنگ کرتا تھا۔ گرفتار ملزمان میں توصیف، شہاب، ریحان، ندیم، احتشام، جاوید، عدنان اور سلامت شامل ہیں۔ عزیز آباد پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کردیا۔

بقیہ نمبر 24

قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافہ کے بعد کرایوں کی مد میں 5 سے 10 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب موٹر سائیکل استعمال کرنے والے شہریوں کے فیول اخراجات میں روزانہ کی مد میں 15 سے 20 فیصد اضافہ ہوگیا ہے۔ شہری شکوہ کر رہے ہیں کہ پیٹرول تو مہنگا ہوگیا لیکن تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوا۔ آن لائن ٹرانسپورٹ کی سروس فراہم کرنے والے ایک موٹر سائیکل ڈرائیور ریحان نعیم نے بتایا کہ وہ محمود آباد کے رہائشی ہیں اور کرائے کے مکان میں اپنی اہلیہ اور دو بچوں کے ساتھ رہتے ہیں۔ پہلے ایک فیکٹری میں کام کرتے تھے اور 22 ہزار روپے تنخواہ ملتی تھی جس میں گزارہ کرنا مشکل ہوگیا تھا، اس لیے اب آن لائن ٹرانسپورٹ کے ذریعے بائیک سروس فراہم کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیٹرول پر 55 روپے اضافہ کے بعد ٹرانسپورٹیشن سروس کے کرایوں میں 5 سے 10 فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔ کم فاصلے کے کرائے میں 50 روپے، درمیانی فاصلے میں 80 روپے اور زیادہ فاصلے میں 100 سے 120 روپے اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرایوں میں اضافے کی وجہ سے کافی لوگوں کی ترجیح اب پبلک ٹرانسپورٹ کی طرف ہو گئی ہے۔ بائیکیا سروس فراہم کرنے والے عمیر خان نے بتایا کہ وہ صبح ایک دکان میں سیلز مین کا کام کرتے ہیں۔ انہیں 25 ہزار روپے تنخواہ ملتی ہے، جس میں گزارہ مشکل ہے، اس لیے پارٹ ٹائم موٹر سائیکل پراز خود ٹرانسپورٹ سروس فراہم کرتے ہیں۔ کم فاصلے کا کرایہ 150 روپے اور زیادہ فاصلے کا کرایہ 400 روپے تک ہوتا ہے۔ عمیر خان کے مطابق اب فیول کے اخراجات میں اضافے کے بعد ہم نے کرایوں میں 70 سے 150 روپے تک اضافہ کردیا ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کے سبب سواریوں کی تعداد میں 10 سے 20 فیصد کمی آئی ہے۔ آج کل شام کے اوقات میں زیادہ کام ہوتا ہے۔ حکومت کی تین چھٹیوں اور 50 فیصد ورک فرام ہوم کی پالیسی سے آن لائن ٹرانسپورٹ سروس کا کام متاثر ہوگا۔ آن لائن ٹیکسی ڈرائیور طلحہ فاروقی نے بتایا کہ عید سیزن کے سبب اس وقت کام بہتر ہے۔ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے بعد کرائے تقریبا 10 فیصد بڑھ گئے ہیں۔ کم سے کم فاصلے میں 100 اور زیادہ فاصلے میں 250 روپے سے زائد کا اضافہ ہوا ہے۔ فیول اخراجات بڑھنے اور سواریوں میں کمی کے سبب روزانہ پہلے 1500 روپے کما لیتے تھے، اب یہ کمائی کم ہو کر 1200 سے 1000 روپے تک رہ گئی ہے۔ آمدنی میں اتار چڑھا آتا رہتا ہے۔ ایک نجی ادارے میں کام کرنے والے ملازم وقاص عباسی نے بتایا کہ وہ کریم آباد میں رہتے ہیں اور ٹاور پر آفس میں کام کرتے ہیں۔ آمدورفت کے لیے آن لائن ٹرانسپورٹ استعمال کرتے ہیں۔ دو طرفہ کرائے کی مد میں 600 روپے خرچ ہوتے تھے، اب یہی خرچہ بڑھ کر 800 سے 900 روپے ہو گیا ہے، جسے برداشت کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ اس لیے اب وہ پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کر رہے ہیں۔ شریف آباد کی رہائشی سرکاری ادارے کی ملازمہ ثمرا خان نے بتایا کہ وہ آمدورفت کے لیے موٹر سائیکل استعمال کرتی ہیں۔ روزانہ دو لیٹر فیول استعمال ہوتا ہے۔ اب فیول کی مد میں روزانہ کے اخراجات میں 100 روپے کا اضافہ ہوگیا ہے اور روزانہ تقریبا 650 روپے خرچ ہورہے ہیں۔ جامع کلاتھ پر گارمنٹس سیلز مین سلیم قریشی نے کہا کہ پیٹرول کی مد میں ماہانہ خرچہ 3000 روپے بڑھ گیا ہے لیکن تنخواہ میں اضافہ نہیں ہوا۔ اب یہ اخراجات کیسے برداشت کریں؟ حکومت پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کرے یا تنخواہوں میں اضافہ کرے۔ پیٹرول اخراجات بڑھنے کی وجہ سے گھریلو بجٹ متاثر ہورہا ہے

بقیہ نمبر 25

فہرست میں مبین عارف، حسن بٹر، عاقل خان کا نام شامل ہے۔ دوسری جانب عمیر تنویر بٹ، سردار منصور عباسی، سعد علی بھی ملاقاتوں میں شامل ہوں گے۔

بقیہ نمبر 26

طاقت منوا سکتے تھے، اگر کمیٹیوں میں واپس نہیں آتے تو اسمبلیوں سے بھی استعفے دے دیتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن اجلاس میں تمام ارکان کو رائے کا موقع دیا جارہا ہے، اپوزیشن ارکان کی رائے کو دیکھتے ہوئے مشترکہ فیصلے کیے جائیں گے۔ اجلاس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور ایران کی صورتحال پر مشاورت کی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی میں ایک بار پھر گرما گرمی ہوئی، پارلیمانی لیڈر شاہد خٹک اور ڈاکٹر زرقا پھر آمنے سامنے آگئے، جملوں کا تبادلہ ہوا۔

بقیہ نمبر 27

یوسف پزشکیان نے اپنے ٹیلی گرام پیغام میں کہا کہ انہیں اطلاع ملی تھی کہ مجتبی خامنہ ای زخمی ہو گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس خبر کے بعد انہوں نے اپنے ایسے دوستوں سے رابطہ کیا جن کے متعلقہ حلقوں میں رابطے تھے، ان دوستوں نے بتایا کہ الحمدللہ مجتبی خامنہ ای محفوظ اور خیریت سے ہیں۔

بقیہ نمبر 28

کے ترجمان حسین احمد یوسفزئی کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ملاقات کے دوران پاکستان اور برطانیہ کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعلقات کے فروغ، خطے کی مجموعی صورت حال اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھا کے معیشت پر ممکنہ اثرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں جانب سے باہمی تعاون، جمہوری اقدار کے استحکام اور خطے میں امن واستحکام کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اس ضمن میں بتایا گیا کہ ملاقات خوش گوار اور تعمیری ماحول میں ہوئی جس میں باہمی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات کے موقع پر ترجمان تحریک تحفظ آئین پاکستان حسین احمد یوسفزئی بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 29

طویل عرصے سے ایک دوسرے کے دفاعی مفادات کا خیال رکھتے آئے ہیں۔ ترجمان وزیراعظم مشرف زیدی کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل نے ریاض میں سعودی وزیر دفاع سے ملاقات کرکے مشترکہ دفاعی اقدامات پر بات کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیرخارجہ اسحاق ڈار جنگ کے آغاز سے ہی ایرانی وزیرخارجہ کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

بقیہ نمبر 30

پر زور دیا کہ موجودہ حالات میں تمام فریقین کو تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے تاکہ صورتحال مزید خراب نہ ہو۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان برادر اسلامی ملک ایران کے ساتھ اپنے تاریخی، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ پاکستان ہر سطح پر ایران کے ساتھ رابطوں اور تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اس موقع پر پاکستان کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کو خطے میں امن اور استحکام کے قیام کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ انہوں نے خطے میں حالیہ پیش رفت کے حوالے سے ایران کے مؤقف سے بھی وزیراعظم کو آگاہ کیا۔ دونوں رہنماں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ موجودہ علاقائی صورتحال میں باہمی رابطے اور مشاورت کو جاری رکھا جائے گا تاکہ خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھایا جا سکے۔ ٹیلی فونک گفتگو کے دوران پاکستان اور ایران کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے اور اعلی سطحی رابطوں کو جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ نمبر 31

بھی تباہ کر دی گئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان میں 5 6 مختلف مقامات پر فضائی کارروائیوں کے ذریعے دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور اہداف کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت اور سکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں اور یہ کارروائیاں اپنے منطقی انجام تک جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 32

مرزا ایوف کا پرتپاک استقبال کیا، تاشقند کے گورنر زویئر مرزا ایوف نے پرجوش خیر مقدم کرنے پر اظہار تشکر کیا۔ اس موقع پر پنجاب اور تاشقند کو برادر صوبہ قرار دینے پر اتفاق کیا گیا، خصوصی کمیٹی تشکیل دے دی گئی، ٹورازم، زراعت، لائیو سٹاک، میٹ پراسیسنگ، بیوریجز، سٹرس فروٹ اور دیگر سیکٹرز میں معاشی تعاون پر اتفاق کیا گیا، ازبکستان کی طرف لاہور میں بابر پارک کے قیام کی تجویز پر غور کیا گیا۔ گورنر تاشقند نے لاہور میں مغل دور کی تاریخی عمارتوں کی بحالی پر وزیراعلی مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا، وزیراعلی مریم نواز شریف نے دورہ ازبکستان کی دعوت شکریہ کے ساتھ قبول کرلی۔ گورنر تاشقند نے ازبکستان کے صدر کی طرف سے پاکستان عوام بالخصوص اہل پنجاب کے لئے نیک تمناں کا پیغام دیا، ازبک پلا کی تعریف پر گورنر تاشقند کا اظہار مسرت، پاکستانی باورچیوں کی ٹریننگ کے لئے ازبک شیف بھیجنے کی پیشکش کی۔

بقیہ نمبر 33

پر دبئی شارجہ قطر ابوظہبی کی 12 فلائٹس منسوخ جبکہ پشاور ایئرپورٹ پر شارجہ سے دو پروازیں پہنچیں۔ ملتان ایئرپورٹ پر بھی دبئی شارجہ سے آنے والی پروازوں میں بہتری بدھ کو ملتان ایئرپورٹ پر صرف 2 پروازیں منسوخ ہوئی، فیصل آباد ایئرپورٹ پر بین الاقوامی پروازوں کا آپریشن معمول پر رہا۔ سیالکوٹ ایئرپورٹ سے دبئی سیالکوٹ کی 4 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ ملک بین الاقوامی ایئرپورٹس سے بدھ کو 76 پروازیں منسوخ ہوئی ہیں، کراچی ایئرپورٹ پر مشرق وسطی کی 28، اسلام آباد ایئرپورٹ سے دبئی ابوظہبی دوحہ بحرین کویت شارجہ سمیت دیگر ایئرپورٹس کی 24، لاہور ایئرپورٹ پر دبئی ابوظہبی قطر کویت بحرین کی 18 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق پاکستان سے 11 دن کے دوران مشرق وسطی ملکوں کی منسوخ پروازوں کی تعداد 1224 ہوگئی تاہم مشرق وسطی میں جنگی صورتحال معمول پر آنے کے امکان کے پیش نظر فلائٹس آپریشن آہستہ آہستہ معمول پر آرہا ہے۔ خیال رہے کہ مشرق وسطی میں محصور افراد کی واپسی کیلئے غیر ملکی ائرلائنز سمیت ملکی ائرلائنز کا محدود فضائی آپریشن جاری ہے۔ پروازوں کی آمدورفت کا انحصار فضائی حدود کے استعمال کی اجازت سے مشروط رکھا گیا ہے، مسافروں کو ائرلائن کی جانب سے کال یا میل وصول ہونے پر ہی ائرپورٹ آمد کا کہا گیا ہے۔ پی آئی اے کو بھی ابوظہبی اور دبئی کے لئے ہفتہ وار 2 پروازوں کی اجازت دی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 34

میں اپنانے کا عہد کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ امام علی کی شہادت اسلام کی تاریخ کا ایک عظیم اور دردناک باب ہے۔ وزیراعلی سندھ نے بتایا کہ صوبے بھر میں یوم علی کے جلوسوں اور مجالس کے لیے سخت سیکیورٹی پلان نافذ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں کشیدہ اور جنگی صورتحال کے پیش نظر سیکیورٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ امن، اتحاد اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ وزیراعلی سندھ نے دعا کی کہ رب کائنات ہمارے ملک کو امن، استحکام اور خوشحالی عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 35

بتایا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی فوج نے توقع سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے اور کارروائی منصوبے سے بھی آگے بڑھ رہی ہے۔ ان کے مطابق چھ ہفتوں کے اصل منصوبے کے مقابلے میں بھی زیادہ نقصان پہنچایا جاچکا ہے۔ دوسری جانب ایران کی پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ اس نے خلیج میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں 100 امریکی فوجی زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق ایران کا کہنا ہے کہ اس نے کویت میں امریکی فوجی تنصیبات پر حملے کیے، جن میں العدیری ہیلی کاپٹر بیس، محمد الاحمد نیول بیس اور علی السالم ایئربیس شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 36

کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار، سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی، اراکین اسمبلی، پی ایف یو جے کے سینئر نائب صدر، ایس پی آر اے کے خازان راؤ وکیل، موئی اور دیگر شخصیات بھی شریک تھیں۔ گورنر سندھ نے اپنے خطاب میں یوم شہادت حضرت علیؓ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حضرت علیؓ کی زندگی حق، عدل، شجاعت اور خدمتِ انسانیت کا عظیم نمونہ ہے اور ہمیں ان کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے معاشرے میں انصاف اور بھائی چارے کو فروغ دینا چاہئے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ رزق دینے والی ذات اللہ تعالی کی ہے اور ہم سب اسی کے محتاج ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ افطار سے لے کر انعامات تک تمام انتظامات میں ایک روپیہ بھی سرکاری خرچ نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ میانہ روی اختیار کرنا ایک اچھی بات ہے اور ہم سب کو اس پر عمل کرنا چاہئے۔ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ گورنر ہاؤس میں جاری عوامی فلاحی سرگرمیوں کے تحت روزانہ قرعہ اندازی کے ذریعے پلاٹ، عمرہ ٹکٹ، موٹر سائیکل اور دیگر انعامات دیئے جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت 50 ہزار بچے گورنر ہاؤس میں جدید آئی ٹی کورسز بالکل مفت حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر ہاؤس آنے والوں سے کبھی قومیت نہیں پوچھی جاتی، یہاں ہر قومیت، مذہب اور مسلک سے تعلق رکھنے والے افراد شریک ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کے بس میں ہو تو جو کچھ ان کے پاس ہے وہ بھی عوام میں بانٹ دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ پلاٹ، لیپ ٹاپ اور عوام میں شعور بیدار کرنے کی بات کرتے ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ انہیں اتنا ڈرایا گیا کہ اب وہ ڈر ڈر کر نڈر ہوگئے ہیں اور اب گورنر ہاؤس کی کوئی تقریب عوام کے بغیر ممکن نہیں ہوگی۔ انہوں نے ایک ٹاک شو میں ایک شہری کی روداد سننے کے بعد اسی موقع پر اس شخص کو موٹر سائیکل دینے اور اس کی والدہ کے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کا اعلان بھی کیا

بقیہ نمبر 37

سپہ کو دہشت گرد امریکی اور اسرائیلی کارروائیوں کا نشانہ بنایا گیا، دشمن اقتصادی مراکز اور بینکوں کو جواب میں نشانہ بنانے پر مجبور کر رہا ہے۔ ترجمان خاتم الانبیا فوجی کمانڈ ہیڈکوارٹر کا مزید کہنا تھا کہ علاقے کے لوگوں کو ہدایت کی کہ بینکوں سے کم از کم 1 ہزار میٹر دور رہیں، یہ کارروائی خطے میں دشمن کی مداخلت اور حملوں کے جواب میں کی جا رہی ہے۔ آبنائے ہرمز اور خلیج عمان میں 3 بحری جہازوں پر حملہ کیا گیا۔ میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی کے مطابق میزائل یا پروجیکٹائل حملوں کا نشانہ بننے والوں میں تھائی لینڈ، جاپان اور مارشل آئی لینڈ کے پرچم بردار جہاز شامل ہیں۔ ایک جہاز کو آبنائے ہرمز میں دبئی کے قریب، دوسرے کو عمان کے ساحل سے تقریبا 11 ناٹیکل میل دوری پر نشانہ بنایا گیا۔ حملے کے نتیجے میں جہازوں میں آگ بھڑک اٹھی، جس پر قابو پالیا گیا، حملے میں عملہ محفوظ ہے۔ اس سے قبل امریکی سینٹرل کمانڈ نے آبنائے ہرمز کے قریب بارودی سرنگیں بچھانے والی 16 ایرانی کشتیوں کو تباہ کرنے کا دعوی کیا تھا۔ خام تیل کی ترسیل میں رکاوٹ کے خدشات کے باعث، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا۔ دوسری جانب ایران کی پاسداران انقلاب فورس نے دعوی کیا ہے کہ اس نے خلیج میں موجود امریکی فوجی اڈوں کو میزائل اور ڈرون حملوں سے نشانہ بنایا ہے، حملے میں 100 امریکی فوجی زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق ایران کا کہنا ہے کہ اس نے کویت میں امریکی فوجی تنصیبات پر حملے کیے، جن میں العدیری ہیلی کاپٹر بیس، محمد الاحمد نیول بیس اور علی السالم ایئر بیس شامل ہیں۔ پاسداران انقلاب کا ایک بیان میں کہنا ہے کہ اس حملے میں کم از کم 100 امریکی فوجی زخمی ہوئے اور انہیں کویت کے اسپتالوں میں منتقل کردیا گیا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے حملے عالمی توانائی وسائل پر کنٹرول کی کوشش ہیں۔ چینی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے دوران حملے، امریکا کی مذاکرات کو لے کر غیر سنجیدگی ظاہر کرتے ہیں، ایرانی تیل تنصیبات کو نشانہ بنانے سے زہریلا دھواں پھیلا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی واسرائیلی حملے منظم غنڈہ گردی کی مثال ہیں، امریکا اور اسرائیل صرف ایران نہیں بلکہ عالمی توانائی کے شعبے پر اثرانداز ہونا چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور دفاع کیلئے پوری طرح تیار ہے، امریکا کو عالمی امن اور سلامتی کو خطرے میں ڈالنے پر جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے، ایران خطے کے عرب ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، ایران کے خلاف عرب ممالک کی سرزمین استعمال ہونا افسوسناک ہے

بقیہ نمبر 38

پنجاب فرانزک لیب اور نادرا رپورٹ کی بنیاد پر ملزمان کو نامزد کیا، چالان ریکارڈ کیلئے جمع کرا رہا ہوں پراسیکیوٹر چالان نہیں لے رہے ہیں، انسداد دہشتگردی عدالت نے اسپیشل پبلک پراسیکیوٹر کو طلب کرلیا۔

بقیہ نمبر 39

سلامتی کی صورتحال پر غور کیا گیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ دفاع اور ہوابازی کے شعبوں میں تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات تعمیری مصروفیات کو جاری رکھنے پر زور دیا گیا۔ وزارت دفاع کے ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ دونوں ملکوں نے دیرینہ شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے لیے مشترکہ مفاہمت پر اتفاق کیا۔ یاد رہے یہ ملاقات تعمیری اور مثبت ماحول میں ہوئی، جو دونوں ممالک کے درمیان جاری سفارتی اور دفاعی سطح کے رابطوں کا حصہ ہے، جس میں برطانوی ہائی کمشنر اور وزیر دفاع نے باہمی احترام اور تعاون کی بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 40

سماعت کرے گا۔ واضح رہے کہ پرویز الہی، راسخ الہی اور محمد خان بھٹی کی ضمانت منسوخی کیلئے پنجاب حکومت نے اپیلیں دائر کر رکھی تھی، ملزمان کیخلاف مقدمات تھانہ اینٹی کرپشن گوجرانوالہ میں درج ہیں۔

بقیہ نمبر 41

کہا کہ کراچی کی ایک شاہراہ کو آیت اللہ علی خامنہ ای کے نام سے منسوب کیا جائے گا، جمع الوداع پر شارع فیصل پر ریلی نکالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، تمام تنظیمیں اپنے روایتی روٹس پر ریلی نکالیں۔ یاد رہے کہ آج یوم علی پر ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں میں جلوس برآمد کئے جائیں گے، کراچی میں صدر کی مختلف سڑکوں اور گلیوں کو کنٹینرز رکھ کر بند کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 42

الیکٹرک سکوٹی پر حکومت بلوچستان 30 فیصد سبسڈی فراہم کر رہی ہے جو ایک اور دو سال کی اقساط پر فراہم کی جائیں گی۔ واضح رہے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جنوری 2026 میں نیشنل بینک آف پاکستان کے ساتھ مل کر سبسڈائزڈ الیکٹرک سکوٹی سکیم کا معاہدہ کیا تھا۔ یہ سکیم طلبہ، ورکنگ ویمن اور عام لوگوں کے لیے آسان اقساط پر الیکٹرک سکوٹیز فراہم کرنے کے لیے ہے، تاکہ محفوظ، سستی اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ میسر ہو۔

بقیہ نمبر 43

صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ گفتگو کے دوران علاقائی امن واستحکام پر ممکنہ اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان اور بنگلہ دیش کے تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور ڈاکٹر خلیل الرحمان نے دوطرفہ اور کثیرالجہتی تعاون بڑھانے کے لیے قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 44

کمشنرز شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران موجودہ عالمی اور علاقائی صورتحال کے تناظر میں صوبے میں سرکاری اخراجات کم کرنے اور پیٹرول کی بچت کو یقینی بنانے کے لیے مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکریٹری سندھ نے ہدایت دی کہ سرکاری گاڑیوں کے پیٹرول کوٹے میں آئندہ دو ماہ کے لیے پچاس فیصد کمی کی جائے جبکہ تمام غیر ضروری سرکاری گاڑیاں فوری طور پر گراؤنڈ کر دی جائیں اور محکموں میں کار پولنگ کو فروغ دیا جائے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ سندھ حکومت نے سرکاری سطح پر کفایت شعاری اقدامات کے تحت نئی سرکاری گاڑیوں اور دیگر قیمتی اشیا کی خریداری پر جون 2026 تک مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ اس کے علاوہ غیر ترقیاتی اخراجات میں بھی کمی لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ سرکاری وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جا سکے۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے بتایا کہ سرکاری دفاتر میں پیٹرول اور توانائی کی بچت کے لیے صوبے میں چار روزہ ورک ویک نافذ کیا جارہا ہے جس کے تحت پیر سے جمعرات تک سرکاری دفاتر کھلے رہیں گے جبکہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو تعطیل ہوگی۔ تاہم یہ فیصلہ ضروری خدمات فراہم کرنے والے اداروں پر لاگو نہیں ہوگا۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ سرکاری دفاتر میں پچاس فیصد عملہ متبادل دنوں میں ورک فرام ہوم کے تحت کام کرے گا تاکہ سفر اور ایندھن کے اخراجات میں کمی لائی جا سکے۔ متعلقہ محکموں کے سیکریٹریز کو ہدایت دی گئی کہ وہ اپنے اداروں میں اس پالیسی کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنائیں۔ مزید برآں کفایت شعاری کے اقدامات کے تحت اعلی سرکاری افسران بیس گریڈ اور اس سے اوپر یا تین لاکھ روپے سے زائد ماہانہ تنخواہ حاصل کرنے والے افسران رضاکارانہ طور پر دو دن کی تنخواہ چھوڑیں گے جبکہ صوبائی وزرا اور مشیروں نے بھی رضاکارانہ طور پر چند ماہ کی تنخواہ اور مراعات ترک کرنے کی پیشکش کی ہے۔ اجلاس میں سرکاری سطح پر افطار پارٹیوں اور سرکاری عشائیوں پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا جبکہ ہدایت دی گئی کہ تمام سرکاری اجلاس ویڈیو لنک یا آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے منعقد کیے جائیں تاکہ سفری اخراجات میں کمی لائی جا سکے۔ چیف سیکریٹری سندھ نے اجلاس کے اختتام پر تمام سیکریٹریز اور محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ کفایت شعاری اور پیٹرول بچا سے متعلق ان اقدامات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں تاکہ صوبے میں وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 45

پر مجھ سے اتفاق کیا ہے۔ اسوقت سب سے اہم عمران خان کی صحت ہے، ہم ان کی آنکھ کا ضائع ہونا برداشت نہیں کرسکتے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ یہ شہباز حکومت کی کرمنل ایکٹیویٹی ہے۔ عمران خان کی صحت کے حوالے سے فیملی کو آگاہ کرنا تو لازم ہے۔ عمران خان میرا دوست ہے، مجھے اس کی آنکھ کے بارے میں جان کر بہت تکلیف ہوئی اور میں آج عدالت میں پیش ہوا۔ میڈیکل گراؤنڈز پر تو ضمانت ملنی ہی چاہئے۔ ہمیں عدالت کا غیر معینہ مدت تک کیس نہ لگانا قبول نہیں، ہمیں ایک تاریخ چاہئے جو بالآخر مل گئی ہے۔

بقیہ نمبر 46

اسلام آباد ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آج چیف جسٹس کی عدالت میں القادر کیس کی اپیل اور ضمانت کا کیس سماعت کے لیے مقرر تھا۔ انہوں نے کہا کہ القادر وہ کیس ہے، جس میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشری بی بی کو سزا ہوئی ہے، تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کسی نے ٹرسٹی کو کہا ہو کہ آپ اونر شپ لیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ ایک ٹرسٹی کی کیا اونر شپ ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ نے کیا لیا ہے؟ 35 دن کے بجائے آج ایک سال کے بعد بھی کیس نہیں لگا، بانی پی ٹی آئی کو ضمانت ملنی چاہیے تھی۔

190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کی درخواست

عدالت کا نیب پر ایک لاکھ روپے جرمانہ

رمضان کا آخری عشرہ شروع ہوچکا ہے عید سر پر ہے، خواتین کے لیے ہمیشہ عدالت نے نرم گوشہ رکھا ہے، 14 ماہ بعد سزا معطلی کی درخواستیں لگی ہیں، بیرسٹر سلمان صفدر

پاور آف اٹارنی بانی سے تصدیق کروانے کیلئے کھوسہ صاحب کو بھجوایا، وکالت نامہ کے حصول کیلئے انہیں اڈیالہ جیل کے قریب بھی نہیں جانے دیا جاتا، بیرسٹر اعتزاز

اسلام آباد(ویب ڈیسک)اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے کی، بیرسٹر سلمان صفدر اور اعتزاز احسن عدالت میں پیش ہوئے۔ بیرسٹر اعتزاز احسن نے کہا کہ انہوں نے پاور آف اٹارنی بانی پی ٹی آئی سے تصدیق کروانے کے لیے کھوسہ صاحب کو بھجوایا، وکالت نامہ کے حصول کے لیے انہیں اڈیالہ جیل کے قریب بھی نہیں جانے دیا جاتا، کل عدالت نے ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت کی کہ وکالت نامہ دستخط کروا کر دیں گے، یہ کسی عدالت کو نہیں مانتے، میرا وکالت نامہ دستخط شدہ نہیں اس لیے میں پیش نہیں ہوسکتا۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیے کہ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو کوئی بھی وکالت نامہ بھیجتا ہے وہ دستخط کروا دیتے ہیں۔ بیرسٹر اعتزاز احسن نے کہا کہ اس پر سخت ایکشن لینا چاہیے، انہیں کون سمجھائے، سمجھاتے ہیں تو کہتے ہیں ہمیں اوپر سے حکم ہے، کہتے ہیں جنرل فیض حمید کو سزا ہوگئی ہے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان سے فیملی کی ملاقات کیلئے اقدامات کرنیکا کہا ہے، علیمہ خان

اسلام آباد(ویب ڈیسک)بانی پی ٹی آئی کی تعلقات ہیں۔ ہم دل سے ان کے شکر گزار

ہمشیرہ علیمہ خان کا کہنا ہے اعتزاز احسن صاحب آج خود آئے، ہماری فیملی سے تو ان کے بہت قریبی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا اعتزاز احسن کی طبیعت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

اسحاق ڈار کا بنگلہ دیشی ہم منصب سے رابطہ، خطے کی بدلتی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد(ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار کی بنگلہ دیش کے وزیرخارجہ ڈاکٹر خلیل الرحمان سے ٹیلیفونک گفتگو ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماں کے درمیان مشرق وسطی اور خطے کی بدلتی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

وزیراعلی بلوچستان نے الیکٹرک سکوٹی سکیم کا افتتاح کردیا

کوئٹہ(ویب ڈیسک)وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی نے الیکٹرک سکوٹی سکیم کا افتتاح کر دیا۔ وزیر اعلی سیکرٹریٹ میں الیکٹرک سکوٹی سکیم کی افتتاحی تقریب ہوئی جس میں سرفراز بگٹی کو حکام نے منصوبے سے متعلق بریفنگ دی۔ حکام کا کہنا تھا کہ سکیم کے تحت 20ہزار الیکٹرک سکوٹیز دی جائیں گی، سکوٹی کی قیمت ایک لاکھ 75ہزار ہوگی۔ دوسری جانب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت کفایت شعاری اور پیٹرول بچا اقدامات پر عمل درآمد کے متعلق اہم اجلاس

کراچی(اسٹاف رپورٹر)چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت سیکریٹری کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سندھ کابینہ کی جانب سے منظور کیے گئے جامع کفایت شعاری اور پیٹرول بچا منصوبے پر عمل درآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، چیئرمین اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ، مختلف محکموں کے سیکریٹریز اور تمام کمشنرز ....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

پشاور میں عمران خان اسٹیڈیم پر ابر آلود موسم کا منظر

سندھ حکومت کا جمع الوداع پر عام تعطیل کا اعلان

کراچی(ویب ڈیسک)سندھ حکومت نے جمع الوداع پر عام تعطیل کا اعلان کردیا۔ وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ کا کہنا ہے کہ سندھ حکومت نے جمع الوداع کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

اینٹی کرپشن مقدمہ، چودھری پرویز الہی کی اپیل سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سپریم کورٹ نے سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الہی اور انکے بیٹے راسخ الہی کی اینٹی کرپشن مقدمہ میں ضمانت منسوخی کی اپیل سماعت کیلئے مقرر کردی ہیں۔ عدالت نے سابق سیکرٹری پنجاب اسمبلی محمد خان بھٹی کی ضمانت منسوخی کی اپیلیں بھی مقرر کر دیں۔ چیف جسٹس یحیی آفریدی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 12 مارچ کو کیس کی سماعت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

راولپنڈی: ریلوے ورکشاپ روڈ پر لوگ افطاری کیلئے خریداری کررہے ہیں

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی

الیکشن کمیشن کے سپیشل سیکرٹری پالیسی ظفر اقبال حسین کو کمیٹی کا رکن مقرر کیا گیا ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وزارت داخلہ کی درخواست پر بلدیاتی انتخابات سے متعلق اہم فیصلہ کیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کے معاملات طے کرنے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات سے متعلق امور پر غور کیلئے بنائی گئی کمیٹی میں مختلف حکام کو شامل کیا گیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

مفتاح اسماعیل نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55روپے اضافے پر حکومتی چال کا بھانڈا پھوڑ دیا

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سابق وزیرخزانہ دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرول

مفتاح اسماعیل نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں 55روپے اضافے پر حکومتی چال کا بھانڈا پھوڑ ہفتے کا 22یا23 کروڑ لٹر بکتا ہے جبکہ ڈیزل ہفتے کا 15 کروڑ لٹر بکتا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

وزیر داخلہ سندھ

عوام کا پولیس پر اعتماد مضبوط اور غیر متزلزل ہونا چاہیے

کوشش ہے کہ پولیس کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی، ضروری آلات اور تربیت سے مکمل طور پر لیس کیا جائے

موثر مانیٹرنگ اور بروقت انسدادی اقدامات جرائم کے تدارک اور امن وامان کے قیام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، ضیا الحسن لنجار

کراچی(اسٹاف رپورٹر)وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے سینٹرل پولیس آفس کراچی کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شہر بھر کی سیکیورٹی صورتحال، مانیٹرنگ نظام اور یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر کیے گئے حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ سینٹرل پولیس آفس آمد پر انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو اور دیگر سینئر پولیس افسران نے وزیر داخلہ سندھ کا استقبال کیا۔ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

اسلام آباد ہائیکورٹ اور ضلعی عدالت میں ہفتے کی 3 چھٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد ہائیکورٹ کی تمام معزز عدالتیں 50 فیصد صلاحیت کے ساتھ کام کریں گی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)اسلام آباد ہائیکورٹ نے فیول کی بچت اور کفایت شعاری مہم کے تحت اہم اقدامات کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ اور ڈسٹرکٹ جوڈیشری میں ہفتہ وار 4دن کام کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیر سے جمعرات تک کام ہوگا جبکہ جمعہ سے اتوار تک تعطیلات ہوں گی، تاہم عملہ کال اور واٹس ایپ پر دستیاب ہوگا جسے اسٹیشن چھوڑنے کیلیے اجازت درکار ہوگی۔ نوٹی فکیشن کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

ایبٹ آباد میں مین قراقرم ہائی وے پر شدید بارش ہوئی

نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کیلئے الخدمت کا 3 نئے اسکل ڈیولپمنٹ سینٹر بنانے کا اعلان

کراچی(ویب ڈیسک)الخدمت نے شہر قائد میں 3 نئے اسکل ڈیولپمنٹ سینٹرز کے قیام کا اعلان کر دیا جبکہ دو نئے کورسز کا بھی آغاز کیا جائے گا، نئے سینٹر صدر، میٹرو ول سائٹ اور گلشن اقبال کے علاقوں میں قائم کیے جائیں گے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

محسن نقوی کا بے روزگار ہاکی کھلاڑیوں کو ملازمتیں دینے کا اعلان

چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں نے ملاقات کی

لاہور(ویب ڈیسک)چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے بے روزگار ہاکی کھلاڑیوں کو ملازمتیں دینے کا اعلان کردیا ہے۔ محسن نقوی سے قومی ہاکی ٹیم کے کھلاڑیوں نے ملاقات کی اس دوران انہوں نے 8برس بعد ورلڈکپ کے لیے کوالیفائی کرنے پر کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی۔ محسن نقوی نے ورلڈ کپ کوالیفائر ٹورنامنٹ میں بہترین کارکردگی پر کھلاڑیوں کو سراہا، انہوں نے کہا کہ زخمی ہاکی کھلاڑیوں کا علاج پی سی بی کرائے گا، فٹنس و میڈیکل کے حوالے سے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

پولیس افسر کا بائیک رائڈر پر تشدد، ویڈیو وائرل ہونے پر معطل

کراچی(ویب ڈیسک)شہر کے علاقے کھارادر میں ایک پولیس افسر کی جانب سے بائیک رائیڈر پر تشدد کا واقعہ سامنے آنے کے بعد ایس ایس پی سٹی نے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسر کو معطل کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق ....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

وزیراعلی پنجاب کا سی سی ڈی کو ناجائز اسلحہ کے خاتمے کا ٹاسک

پہلی مرتبہ اسلحہ نمائش اور ناجائز استعمال کے سدباب کیلئے جامع ایکٹ تیار کرلیا گیا

لاہور(ویب ڈیسک)وزیراعلی مریم نواز شریف نے ناجائز اسلحہ کے خاتمے کی ذمہ داری سی سی ڈی کو سونپ دی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے عید الفطر کے بعد اسلحہ کلچر کے خاتمے کے لئے بھرپور مہم چلانے کا حکم دیا ہے پنجاب میں پہلی مرتبہ اسلحہ نمائش اور ناجائز استعمال کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

راولپنڈی: صدر پنک روڈ پر شہری عید کی تیاری کیلئے آئے ہوئے ہیں

عزیز آباد پولیس کی کارروائی، 6 جعلی صحافیوں سمیت 8 افراد گرفتار

گرفتار ملزمان مختلف علاقوں میں ٹھیلوں اور پتھاروں پر جاتے اور لوگوں کو ہراساں کرتے تھے، پولیس

کراچی (ویب ڈیسک) عزیز آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 جعلی صحافیوں سمیت 8 افراد کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان مختلف علاقوں میں جعلی صحافی بن کر دکانوں، ٹھیلوں اور پتھاروں پر جاتے اور لوگوں کو ہراساں کرتے تھے۔ ملزمان عزیز آباد میں ایک دکان پر کوریج کے بہانے پہنچے جہاں دکاندار سے جھگڑا ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزمان کو حراست میں لے لیا اور تھانے منتقل کر دیا۔ ملزمان کو تھانے لانے کے بعد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

راولپنڈی: سی پی او خالد محمود جلوس کی سیکیورٹی کی نگرانی کررہے ہیں

ریاض شاہ شیرازی

حضرت علیؓ حق وانصاف کے علمبردار تھے

معاشرے میں برداشت، بھائی چارے اور عدل کے فروغ کے لئے ہمیں حضرت علیؓ کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا

حضرت علی کی علمی بصیرت، شجاعت اور تقوی نے اسلامی تاریخ میں ایک منفرد اور باوقار مقام پیدا کیا، سید ریاض حسین شاہ شیرازی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن)وزیر برائے اوقاف، مذہبی امور، زکواۃ و عشر سندھ سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے یوم شہادت حضرت امام علی ابن ابی طالب کے موقع پر ٹھٹھہ سے نکالے گئے مرکزی جلوس میں شرکت کی اور عظیم اسلامی علمبردار کو خراج عقیدت پیش کیا۔ موقع پر اپنے جاری پیغام میں انہوں نے کہا کہ حضرت علی کی سیرت اسلام کے اعلی اصولوں، عدل وانصاف، علم وحکمت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے یوم شہادت حضرت علیؓ کے موقع پر برآمد ہونے والے مرکزی جلوس کے روٹس کا دورہ کیا

پیٹرول مہنگا ہونے سے شہریوں کے یومیہ سفری اخراجات 20 فیصد بڑھ گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرول مہنگا ہونے سے شہریوں کے یومیہ فیول اخراجات میں 15 سے 20 فیصد تک اضافہ ہوگیا۔ کراچی میں آن لائن ٹرانسپورٹ سروسز فراہم کرنے والے افراد نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

مشرق وسطی میں کشیدہ صورتحال کے باوجود پروازوں میں بہتری آنے لگی

کراچی(ویب ڈیسک)مشرق وسطی موجود کشیدہ صورتحال کے باوجود پروازوں میں بہتری آنے لگی ہے، فیصل آباد ایئرپورٹ پر ایئر عربیہ کی شارجہ، راس الخیمہ، دبئی کی پروازیں، کراچی پر ایمریٹس ایئرلائن کی دبئی سے ایک پرواز بحال ہوگئی۔ پشاور ایئرپورٹ پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

کریم آباد پل حادثہ سندھ حکومت کی غفلت کا نتیجہ ہے، حلیم عادل شیخ

ہیوی ٹریفک کیخلاف سخت قوانین اور اوقات کار نافذ کیے جائیں، متاثرہ خاندان کو فوری انصاف دیا جائے

کراچی (ویب ڈیسک)پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کریم آباد پل کے قریب ٹریفک حادثے میں دو سگے بھائیوں تابش اور عاطف کی المناک ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ افسوسناک واقعہ کراچی میں ہیوی ٹریفک کے بے قابو نظام اور سندھ حکومت کی مجرمانہ غفلت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید کی خریداری کے لیے گھر سے نکلنے والے نوجوانوں کی اچانک موت پورے معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ عید کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

سندھ کے تعلیمی اداروں میں موسم بہار کی چھٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری

امتحانات مقررہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے، تعطیلات کا اطلاق امتحانی عمل پر نہیں ہوگا

کراچی (ویب ڈیسک)سندھ حکومت نے توانائی بچت اقدامات کے سلسلے میں تمام سرکاری و نجی اسکول اور کالجز میں اسپرنگ ہالیڈیز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ محکمہ کالج ایجوکیشن کے علامیہ کے مطابق تمام کالجز 16مارچ سے 31مارچ 2026 تک بند رہیں گے۔ کالج ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے تعطیلات کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تعلیمی سلسلہ جاری رکھنے کے لیے ضرورت کے مطابق آن لائن کلاسز ہوں گی۔ شیڈول امتحانات اور موک امتحانات مقررہ ٹائم ٹیبل کے تحت ہوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

راولپنڈی: راجہ بازار میں مزدور تعمیراتی کاموں میں مصروف ہیں

سونا عوام کی پہنچ سے مزید دور، نرخ میں ہزاروں روپے کا اضافہ

بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 37 ڈالر کے اضافے سے 5ہزار205 ڈالر کی سطح پر آ گئی

کراچی (ویب ڈیسک)عالمی ومقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا جب کہ چاندی کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 37ڈالر کے اضافے سے 5ہزار205ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ ملک میں فی تولہ سونے کی قیمت بھی 3ہزار700روپے کے اضافے سے 5لاکھ 43ہزار262روپے کی سطح پر آ گئی، اس کے علاوہ فی دس گرام سونے کی قیمت 3ہزار 172روپے بڑھ کر 4لاکھ 65ہزار 759روپے کی سطح پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار افضل خان نے دوسری شادی کی خواہش کا اظہار کردیا

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار افضل خان نے حال ہی میں ایک پروگرام میں دوسری شادی کی خواہش کا اظہار کردیا۔ افضل خان نے دلچسپ انداز میں بات کرتے ہوئے اپنی رخصتی کے وقت کے جذبات بھی بیان کیے ہیں اداکار نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ وہ اپنے بارے میں یہ افواہ پھیلانا چاہیں گے کہ انہوں نے دوسری ....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

مختلف ممالک میں انسٹاگرام ڈاؤن، صارفین کو پریشانی کا سامنا

کراچی(ویب ڈیسک) پاکستان سمیت مختلف ممالک میں انسٹاگرام ڈاؤن ہونے سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ زیادہ تر صارفین کو میسجز بھیجنے اور وصول کرنے میں دشواری کا سامنا رہا، جبکہ صارفین نے فیڈ لوڈ ہونے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

سندھ: ورک فرام ہوم اور سرکاری گاڑیوں میں پیٹرول کی کٹوتی پر عمل کی ہدایات

کراچی(ویب ڈیسک)سندھ حکومت نے ورک فرام ہوم اور سرکاری گاڑیوں میں پیٹرول کی کٹوتی سمیت کفایت شعاری کے دیگر اقدامات پر عمل کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

اعتزاز عمران خان کیلئے آسانیاں کرالیں گے کیونکہ وہ بدنیت نہیں، فواد چودھری

شکر ہے عمران خان کی بہنوں نے کوئی اچھا فیصلہ کیا اور اعتزاز احسن کو اب مقدمے دیئے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کا کہنا ہے اعتزاز احسن تحریک انصاف کے وکیلوں کی طرح)ان (لیگ کی پے لسٹ پر نہیں ہیں، ان پر مکمل اعتماد کیا جاسکتا ہے، ورنہ تحریک انصاف کی لیگل کمیٹی جس کا سربراہ سلمان اکرام راجا بنا ہوا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

ملک میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 4.70 فیصد کی سطح پر ریکارڈ

کراچی(ویب ڈیسک)ملک میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 4.70 فیصد کی سطح پر ریکارڈ کی گئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کے حوالے سے رپورٹ جاری کر دی ہے، رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار ....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

سپیکر اسمبلی کی ہدایت پر اسمبلی سیکرٹریٹ میں کفایت شعاری اقدامات

اسلام آباد (ویب ڈیسک)سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہدایت پر قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں وسیع پیمانے پر کفایت شعاری اقدامات نافذ کئے گئے ہیں۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

کراچی: بھیک کیلئے سعودی عرب جانے والے 900 پاکستانی پکڑے گئے

ایف آئی اے نے رمضان المبارک کے دوران بھیک مانگنے کیلئے سعودی عرب جانیوالے مختلف گداگروں کیخلاف آپریشن شروع کر دیا ہے

صرف کراچی ایئرپورٹ پر ہی 900 کے قریب ایسے افراد کو روانگی سے روکا گیا جو سعودی عرب بھیک مانگنے کیلئے جارہے تھے

کراچی (ویب ڈیسک) رمضان المبارک کے 20روز میں بھیک مانگنے کیلئے سعودی عرب جانے والے 900 پاکستانیوں کو روانگی کے عین وقت روکے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ انکشاف ایف آئی اے کراچی زون کے ڈائریکٹر منتظر مہدی نے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ایف آئی اے نے رمضان المبارک کے دوران بھیک مانگنے کیلئے سعودی عرب ....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

قومی ٹیم کی مینجمنٹ کی ہدایت پر اسٹار بیٹر بابر اعظم کا کچھ عرصے کے لیے کرکٹ سے وقفہ لینے کا فیصلہ

لاہور(ویب ڈیسک)قومی ٹیم کی مینجمنٹ کی ہدایت پر اسٹار بیٹر بابر اعظم نے کچھ عرصے کے لیے کرکٹ سے وقفہ لینے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی ٹیم کی مینجمنٹ نے بابر اعظم کو آرام کا مشورہ دیا تھا جس کے باعث وہ جاری نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں شرکت نہیں کریں گے، ٹیم مینجمنٹ کی جانب سے انہیں ٹورنامنٹ کھیلنے کی ہدایت بھی نہیں دی گئی۔ بابر اعظم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر18